مفت سلسلہ اشاعت 118

لباس کی سنتیں اور آداب

اردو ترجمہ

كشف الالتباس في استحباب اللباس

تالیف

شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی

متوفی 1052ھ

مترجم

حضرت علامہ مولانا

مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ

خرج احادیثہ

محمد فرحان القادری الرضوی العطاری

حواشی علی الاحایث

للامام أبی الفضل عبد الرحمن بن أبی بکر السیوطی (المتوفی 911ھ)

للعلامة أبی الحسن نور الدین السندی (المتوفی 1138ھ)

الناشر

جمعیت اشاعت اہلسنّت پاکستان

نور مسجد کاغذی بازار کراچی

کشف الالتباس

فی استحباب اللباس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب .... کشف الالتباس فی استحباب اللباس

تصنیف (فارسی) .... شیخ محقق شاہ عبدالحق محدّث دہلوی رحمہ اللہ متوفی ۱۰۵۲ھ

تخریجِ احادیث .... محمد فرحان قادری رضوی عطّاری

تحقیق .... حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ

حواشیٔ احادیث .... امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ متوفی ۹۱۱ھ

امام ابوالحسن نورالدین سندھی رحمہ اللہ متوفی ۱۱۳۸ھ

اردو ترجمہ .... لباس کی سنتیں اور آداب

ترجمہ (اردو) وتحشیہ .... حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ

تعداد ۲۰۰۰

مفت سلسلۂ اشاعت ۱۱۸

اشاعت .... دسمبر ۲۰۰۳ء، شوال ۱۴۲۴ھ

ابتدائیہ

الحمد للہ ربّ العالمین والصّلوۃ والسلام علی سیّد المرسلین وعلی آلہ وأصحابہ أجمعین

زیرِ نظر کتابچہ ''جمعیت اشاعت اہلسنّت پاکستان'' کے تحت شائع ہونے والے سلسلۂ مفت اشاعت کی ۱۱۸ویں کڑی ہے۔ لباس کی سنتوں اور مسائل پر شیخِ محقق شاہ عبدالحق محدّث دہلوی علیہ الرحمہ کا یہ رسالہ اپنی نوعیت کی منفرد تالیف ہے یہ مکتوب چونکہ فارسی میں ہے لہٰذا حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب نے اس کا اردو زبان میں ترجمہ فرمایا اور ساتھ ہی ساتھ اس کے حواشی میں شیخ صاحب کی شرحِ مشکوٰۃ ''اشعۃ اللمعات'' ہی سے اس پر تحقیق بھی لکھی نیز اصل فارسی مکتوب پر احادیثِ طیبہ کی تخریج بھی لگائی گئی ہے جس سے کتاب کا نکھار اور اُبھر کر سامنے آگیا اور علماء وعوام سب کے لئے مفید ہوسکی۔ امید ہے کہ حسبِ سابق ہماری یہ کاوش قارئین کرام کے ذوق پر پورا اُترے گی۔

ادارہ

اداریہ

چند ماہ قبل دار احیاء العلوم، کراچی کی جانب سے یہ عظیم کتابچہ (جو اس وقت آپ کے پیش نظر ہے) عرصہ دراز کے بعد منظر عام پر آیا۔ مصنف اور موضوع کے حوالے سے بھی یہ ایک غیر معمولی ذخیرہ ہے۔ اراکین دار احیاء العلوم، صد ہا مبارک باد کے مستحق ہیں کہ جنہوں نے محنت شاقہ کے ساتھ اس کتابچہ کو عصری تقاضوں کے تحت شائع کرنے کی سعادت حاصل کی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ان کے حوصلوں کو مزید بلندی عطا فرمائے اور اسلام کی تبلیغ و اشاعت کے لئے ان کی کاوشوں کو قبول فرمائے آمین۔

ہم دار احیاء العلوم، کراچی کے بے حد مشکور ہے جنہوں نے اس کتاب کو مفت شائع کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ ساتھ ساتھ ادارہ، اس کتاب کو ہمارے شعبہ درس نظامی کے دیرینہ ساتھی محمد جاوید شفیق علیہ الرحمہ (جو چند ماہ قبل) حادثہ کا شکار ہوئے اور جامِ شہادت نوش فرمایا) سے منسوب کرتے ہیں۔ مرحوم ایک نوجوان عالمِ دین تھے، ابتدائی تعلیم نور مسجد، کاغذی بازار، میٹھادر، کراچی میں مولانا محمد عثمان برکاتی اور مولانا محمد امان اللہ اختری سے اور بقیہ تحصیل دار العلوم امجدیہ، کراچی سے کی، اور شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا محمد اسماعیل قادری رضوی سے سندِ حدیث حاصل کی۔ آپ سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ وقادریہ میں حضرت قبلہ مفتی قاضی محمد احمد نعیمی کے تایا محترم حضرت پیرِ طریقت ولی کامل عارف باللہ قطب الارشاد الحاج الٰہی بخش نقشبندی قادری علیہ الرحمہ جن کا مزار پر انوار گلشنِ الٰہی بخش، تحصیل شاہ بندر، ضلع ٹھٹہ میں ہے، سے بیعت تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات کو بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ وارفع مقام عطاء فرمائے اور ہمیں ان کا نعم البدل عطاء فرمائے۔ (آمین)

ادارہ: **جمعیت اشاعت اہلسنّت پاکستان**

فہرس

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
۱	تحسین از شیخ الحدیث حضرت علامہ مفتی محمد احمد نعیمی مدظلہ	۵
۲	اظہارِ مسرّت از حضرت علامہ سیّد شاہ تراب الحق قادری مدظلہ	۶
۳	"کچھ مؤلف کے بارے میں" از علامہ محمد مختار اشرفی مدظلہ	۷
۴	پیش لفظ از علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ	۹
۵	خطبۂ مولف	۱۱
۶	آدابِ لباس کا بیان	۱۱
۷	عمامہ شریف کا بیان	۱۳
۸	شملہ کا بیان	۱۵
۹	شملہ کی اقسام	۱۵
۱۰	ٹوپی کا بیان	۱۷
۱۱	عمامہ باندھنے کا طریقہ	۱۷
۱۲	قمیص کا بیان	۱۷
۱۳	گریبان کا بیان	۱۹
۱۴	قمیص وغیرہ پہننے کا طریقہ	۲۰
۱۵	رداء و چادر کا بیان	۲۰
۱۶	قبا کا بیان	۲۱
۱۷	قمیص کی جیب کا بیان	۲۲
۱۸	خرقہ وفرجی کا بیان	۲۲
۱۹	اِزار کا بیان	۲۳
۲۰	آستین کا بیان	۲۶
۲۱	ریشمی لباس کا حکم	۲۶
۲۲	معصفر و مزعفر لباس	۲۸
۲۳	سُرخ لباس	۲۹
۲۴	موزہ کا بیان	۲۹
۲۵	نعل کا بیان	۳۰
۲۶	ننگے پاؤں چلنے کا بیان	۳۱
۲۷	کمر بند باندھنے کا بیان	۳۱
۲۸	نیا کپڑا کاٹنا اور نیا لباس پہننا	۳۱

(۳۸۹)

تحسین

(از شیخ الحدیث حضرت علامہ مفتی محمد احمد نعیمی مدظلہ)

مہتمم دار العلوم أنوار المجددية النعيمية

(محلہ غریب آباد ملیر، کراچی)

نحمدہٗ ونصلی ونسلم علی رسوله الکریم أما بعد حضرت محقق علی الاطلاق شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی متوفی ۱۰۵۲ھ (رحمہ اللہ تعالیٰ) کا یہ رسالہ آدابِ لباس کے بیان میں بے مثل و بے نظیر ہے۔ چونکہ یہ فارسی رسالہ ایک عرصہ سے طبع نہیں ہورہا تھا اور نہ ہی اس کا ترجمہ۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے پیارے محبوب (علیہ الصلوۃ والسلام) کے صدقے علامہ مولانا مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی اور ان کے شاگرد رشید محمد فرحان قادری زید علمهما کو توفیق بخشی کہ انہوں نے اس تالیفِ لطیف کا ترجمہ اور حاشیہ تحریر کیا اور اس میں مذکورہ احادیث مبارکہ کی تخریج لگائی۔

میں نے مترجم کے ترجمہ کو بغور لفظ بلفظ پڑھا۔ الحمد للہ مترجم نے رسالہ ہٰذا کا ترجمہ انتہائی احسن انداز میں فرمایا ہے اور مؤلف و مصنف کی ترجمانی کا حق ادا کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ اللہ تعالیٰ انکے علم و عمل میں مزید ترقیاں عطا فرمائے اور اپنی طرف سے توفیق رفیق اور دن دُگنی اور رات چوگنی ترقی و ترفعی عطا فرمائے۔

(امین بجاه سيد المرسلين صلى الله عليه و اله وصحبه أجمعين وسلم)

الفقیر محمد أحمد النعیمی غفرلہٗ

۲۸ جولائی ۲۰۰۳ء

اظہارِ مسرّت

(از حضرت علامہ مولانا سیّد شاہ تراب الحق قادری رضوی مدظلہٗ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

زیرِ نظر کتاب، برِّصغیر کے عظیم محدّث، شیخ محقق حضرت علامہ شاہ عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف "کشف الالتباس فی استحباب اللباس" ہے جسے فاضل نوجوان حضرت مولانا مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی زیدعلمہٗ نے فارسی سے سلیس اردو زبان میں منتقل کیا ہے۔ صرف ترجمہ ہی نہیں بلکہ جہاں ضروری سمجھا حاشیہ میں اسکی وضاحت بھی کی ہے، اور موصوف نے کمال یہ کیا ہے کہ حاشیہ میں بھی شیخ محقق ہی کی "أشعة اللمعات فی شرح مشکوة" سے عبارات نقل کی ہیں، جس سے کسی موقع پر قاری کو حاشیہ پڑھتے وقت یہ محسوس نہیں ہوگا کہ حاشیہ میں جو عبارت ہے وہ مترجم کی اپنی رائے ہے بلکہ وہ بھی بِعَینِہٖ مصنّف ہی کی عبارت ہے۔ مترجم موصوف نے اس کتاب کا ترجمہ فرما کر قارئین خصوصاً اردو خواں حضرات کو حضرت شیخ محقق کی تصنیف سے مستفیض ہونے کا موقع فراہم کیا ہے اور ان کے ترجمہ کرنے سے ایک نایاب کتاب حواشی اور تخریج کے ساتھ منظرِ عام پر آجائے گی یقیناً یہ مترجم موصوف کا ایک کارنامہ ہے۔

فقیر نے اس سے قبل فاضل مترجم کے طلاق سے متعلق مجموعۂ فتاویٰ "طلاقِ ثلاثہ کا شرعی حکم" کا مطالعہ بھی کیا ہے ماشاء اللہ بہت خوب لکھا ہے اور بڑی محنت کی ہے۔

مجھے امید ہے کہ یہ ترجمہ عوام اور خواص دونوں کے لئے مفید ثابت ہوگا، دعا ہے کہ مولیٰ کریم مترجم موصوف کی اس سعی کو قبول فرما کر اجرِ عظیم عطا فرمائے۔

(فقیر سید شاہ تراب الحق قادری)

امیر جماعت اہلسنّت پاکستان کراچی

۱۰ شعبان المعظم ۱۴۲۴ھ / ۷ / اکتوبر ۲۰۰۳ء

کچھ مؤلف کے بارے میں

مختصر تعارف شیخ محقق شاہ عبدالحق محدّث دہلوی متوفی ۱۰۵۲ھ

(از حضرت علامہ محمد مختار اشرفی مدظلہٗ)

مدرّس شعبۂ درسِ نظامی ورکن مجلسِ شوریٰ جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)

الحمد لله الذی هدانا الصراط المستقیم والصلاة والسلام علی من کان نبیاً وآدم بین الماء والطین

شیخ محقق شاہ عبدالحق محدّث دہلوی علیہ الرحمہ کا شمار برصغیر کے ان علماء کی فہرست میں ہوتا ہے جنہوں نے علمِ حدیث کی اشاعت میں گراں قدر خدمات انجام دیں۔ آپ کے والد شیخ سیف الدین سلسلۂ قادریہ کے صوفی بزرگ تھے جو شیخ عبدالحق محدّث دہلوی کے استاد بھی تھے۔ شیخ صاحب دن کا زیادہ حصّہ کتابیں نقل کرنے اور رات مطالعہ میں گزارتے تھے۔ اس دور میں کہ جب اکبر بادشاہ حکومت پر متمکن ہوا اور خوشامدی علماء ابوالفضل اور فیضی جیسے لوگ اس کے ہمراہ ہوگئے تو اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ الرحمہ کی حفاظت شیخ موسیٰ ملتانی کے ذریعہ فرمائی جن کے آپ مرید ہوچکے تھے اور وہ دربار اکبری میں بھی باجماعت نماز ادا کرتے تھے۔ ۱۵۸۸ء میں آپ نے حجِّ بیت اللہ کی سعادت حاصل کی۔ حجازِ مقدس سے آپ علمِ حدیث اور عشقِ رسول ﷺ سے سرشار ہوکر آئے تھے۔ اور آپ نے ترویجِ حدیث کو اپنا مقصدِ حیات بنایا اور مُحدّث کے لقب سے مشہور ہوئے۔

آپ کی کتابوں کی تعداد چالیس (۴۰) سے زائد بتائی جاتی ہے، جن میں مشہور ''اخبار الاخیار'' ہے جس میں اولیائے برّصغیر کا تعارف وتذکرہ پیش کیا ہے، نیز ''مدارج النبوّۃ'' جس میں نبوّت کی فضیلت کے ساتھ عشقِ رسول ﷺ کو قُربِ الٰہی کا ذریعہ بتایا ہے۔ اس کے علاوہ ''المکاتیب والرسائل''، ''تاریخِ مدینہ'' المعروف ''جذب القلوب فی دیار المحبوب''۔ ان کے علاوہ غوثِ اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی کتاب ''غنیة الطالبین'' کا فارسی ترجمہ کیا

جس میں ۷۳ فرقوں کے متعلق بتایا ہے۔ اور تصوّف کے موضوع پر فارسی زبان میں ایک کتاب ''مجمع البحرین'' کے نام سے تصنیف فرمائی۔

۱۵۹۹ء میں آپ حضرت خواجہ باقی باللہ نقشبندی علیہ الرحمہ کی خدمت میں حاضر ہو کر بیعت وخلافت سے سرفراز ہوئے اور رُشد و ہدایت کی اجازت بھی فرمائی۔ حضرت خواجہ باقی باللہ کے وصال کے بعد حضرت مجدّد الف ثانی شیخ احمد سرہندی فاروقی علیہ الرحمہ کے بہت قریب رہے اور تصوّف کے معاملات پر دونوں حضرات کی خط وکتابت بہت اہمیت کی حامل ہے۔ پھر حضرت نے لاہور کے شیخ ابوالمعالی قادری علیہ الرحمہ سے سلسلۂ بیعت وخلافت قائم کیا۔ شیخ ابوالمعالی کی تالیفات میں سے شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی مشہور کتاب ''فتوح الغیب'' کی شرح بھی شامل ہے۔

شیخ صاحب کی مشہور کتاب ''أشعة اللمعات'' جو کہ فارسی میں مشکوٰۃ شریف کی شرح ہے، اس میں آپ نے دیباچہ میں علمِ حدیث کا جائزہ بھی لیا اور مختلف اقسام پر مفید بحث فرمائی۔ نیز آپ نے مشکوٰۃ شریف ہی کی عربی شرح بنام ''لمعات التنقیح'' بھی کی۔

آپ کا وصال ۹۴ برس کی عمر میں ۱۶۴۲ء میں اس وقت ہوا جب شاہجہاں کے عہدِ حکومت کو سولہ سال گزر چکے تھے۔ اس طرح آپ کا تعلّق تین مغل حکمرانوں اکبر، جہانگیر اور شاہجہاں کے ادوار سے رہا۔

اللہ تعالیٰ آپ کے مزارِ پُر انوار پر کروڑہا کروڑ رحمت ورضوان کی بارشیں نازل فرمائے اور ہمیں آپ کی تصانیف سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرنے کی توفیق بخشے۔ (آمین)

محمد مختار اشرفی عفی عنہ

پیش لفظ

(از حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب مدظلہ)

رئیس دارالافتاء: جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)

مترجم

کَشفُ الاِلتِبَاسِ فِی اِستِحبَابِ اللِّبَاسِ

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على سيد الأنبياء والمرسلين وعلى آله وأصحابه وأزواجه وذريته وأهل بيته وعلماء أمته وصلحاء ملته أجمعين أما بعد

گذشتہ دنوں بعض احباب نے مجھ سے خواہش ظاہر کی کہ میں شیخ محقق شاہ عبد الحق محدّث دہلوی علیہ الرحمہ کے فارسی مکتوب موسوم بہ "كشف الالتباس في استحباب اللباس" کا اردو زبان میں ترجمہ کروں تاکہ نافع ہر خاص و عام ہو، کیونکہ شیخ علیہ الرحمہ نے سنن لباس کا اپنی علمی فراست کی بدولت جس نفاست اور اختصار سے احاطہ فرمایا ہے اس کی نظیر نہیں ملتی اور برادرم جناب محمد فرحان قادری نے ہمت کی اور اس رسالہ میں مذکورہ احادیث کی تخریج کر کے رسالہ مجھے دیا اور کہا کہ ایک عرصہ سے یہ فارسی رسالہ طبع نہیں ہو رہا اور نہ ہی اس کا اردو ترجمہ دستیاب ہے، اس لئے اس رسالہ کی تخریج و تحقیق بمعہ اردو ترجمہ و حاشیہ، اشاعت ضروری ہے۔ لہٰذا بندۂ ناچیز نے ان احباب کے پُر خلوص مشورے پر عمل کرتے ہوئے شیخ علیہ الرحمہ کے اس رسالہ کے ترجمہ کی سعی کی اور سیدی وسندی واستاذی شیخ الحدیث مفتی محمد احمد نعیمی صاحب مدظلہ نے شفقت فرماتے ہوئے ترجمہ کی تصحیح فرمائی، اللہ تعالیٰ کی جناب میں التجاء ہے کہ وہ میری اور میرے احباب کی اس سعی کو اپنے محبوب ﷺ کے صدقہ و طفیل قبول فرمائے، لوگوں کو اس سے زیادہ سے زیادہ نفع حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور بروزِ قیامت اسے ہماری مغفرت کا ذریعہ بنادے۔

محمد عطاء اللہ نعیمی عفی عنہ

(آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ)

لباس کی سنتیں اور آداب

اردو ترجمہ

کَشفُ الاِلتِبَاسِ فِی اِستِحبَابِ اللِّبَاس

(۳۸۹)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خطبۂ مؤلف:

اللہ کی حمد وستائش اور پھر رسالت پناہ کی نعت وتحیّت کے بعد (عرض ہے) کہ یہ مختصر رسالہ حضرت سید البشر صلى الله عليه وآله وأصحابه وتابعيه وتبع تابعيه إلى يوم الحشر والنشر کے آدابِ لباس کے بیان میں ہے۔

اہم غرض ومقصد یہ ہے کہ اس دستور فائض النور (یعنی سنت نبوی سے) حصۂ تام اور فیضِ عام مسلمانوں اور مومنوں کو پہنچے اور وہ لباس کہ جس کی وضع وقطع اور پہننا غیر مسنون ہے اور بدمذہبوں اور گمراہوں کا شِعار ہے اس سے باز رہیں اور سنّت کی اتباع سے حصّہ پاکر اس سے پرہیز کریں اور ثوابِ جمیل اور اجرِ جزیل پر فائز ہوں اور اس سے برکت حاصل کریں اور فقیر حقیر عبدالحق بن سیف الدین دہلوی بخاری کو دعائے خیر میں یاد کرتے رہیں اور فاتحہ کی خوشبو کے ساتھ خوشبودار گردانیں (یعنی فاتحہ کا ثواب بخشیں) باللہ التوفیق۔

آدابِ لباس کا بیان[1]:

جان لو کہ لِبَاسٌ[2] مصدر ہے بمعنی مَلْبُوسٌ (یعنی پوشاک) کے جیسا کہ کِتَابٌ بمعنی مَکْتُوبٌ اور لباس کا نام دستار، پیراہن جُبّہ، ٹوپی، چادر وازار وغیرہ اور جو کچھ پہننے میں آئے سب کو شامل ہے پس مسلمانوں پر مخفی نہ رہے کہ سَیِّدُ الْاَنْبِیَاءِ وَسَنَدُ الْاَصْفِیَاءِ ﷺ کا مبارک لباس

---

[1] ''اتنا لباس جس سے سترِ عورت ہو جائے اور گرمی وسردی کی تکلیف سے بچے فرض ہے'' (بہارِ شریعت، حصہ (۱۶)، لباس کا بیان)

[2] اور یہ باب عَلِمَ یَعْلَمُ سے ہے جو التباس کے معنی میں ہے وہ باب ضَرَبَ یَضْرِبُ سے آتا ہے پہلے کا مصدر لُبْسٌ لام کے پیش کے ساتھ ہے اور دوسرے کا مصدر لَبْسٌ لام کی زبر کے ساتھ ہے۔ (أشعة اللمعات)

اکثر سفید کپڑے کا ہوتا اور سفید کو بہت پسند فرمایا کرتے چنانچہ حدیث شریف میں ہے: قَالَ النَّبِیُّ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ: "عَلَیْکُمْ بِالْبَیَاضِ مِنَ الثِّیَابِ لِیَلْبَسْھَا أَحْیَائُکُمْ وَ کَفِّنُوْا فِیْھَا أَمْوَاتَکُمْ فَإِنَّھَا مِنْ خِیَارِ ثِیَابِکُمْ"۔ (یعنی، نبی ﷺ نے فرمایا: کپڑوں میں سے سفید کو اختیار کرو تا کہ اسے تمہارے زندہ بھی پہنیں اور اپنے مُردوں کو اس میں کفن دو، کیونکہ وہ تمہارے کپڑوں میں سے بہترین کپڑے ہیں)۔

اور فرمایا: "اَلْبَسُوا الْبَیَاضَ فَإِنَّھَا أَطْھَرُ وَأَطْیَبُ وَ کَفِّنُوْا فِیْھَا مَوْتَاکُمْ" (یعنی، سفید (لباس) پہنو کیونکہ وہ بہت پاکیزہ[1] بہت صاف اور بہت اچھا ہے اور اسی میں اپنے مُردوں کو کفن دو)۔

اور فقیہ ابو اللیث کی کتاب ''بستان'' میں ہے کہ سفید[2] اور سبز مستحب ہے اور ''شرعۃ الاسلام'' میں ہے رنگوں میں پسندیدہ (یعنی مستحب) رنگ سفید ہے اور سبز رنگ بینائی کو زیادہ کرتا ہے اور رسول اللہ ﷺ نے سبز چادر زیب تن فرمائی ہے اور سبز رنگ[3] پہننا سنّت ہے اور مرد کپڑوں میں سرخ و پیلے رنگ سے اجتناب کریں اور ''ملتقط'' میں ہے کہ سیاہ رنگ پہننا سنّت نہیں ہے اور نہ ہی اس رنگ کے پہننے میں کوئی فضیلت ہے بلکہ کراہت ہے کیونکہ یہ ایسی بدعت ہے جو رسول اللہ ﷺ کے (وصال باکمال کے) بعد پیدا ہوئی اور ''روضۃ العلماء'' میں ہے کہ بے شک امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا سیاہ رنگ پہننا جائز نہیں ہے کیونکہ آپ کے زمانہ میں لوگ یہ رنگ نہیں پہنا کرتے تھے اور اسے عیب شمار کرتے تھے اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں (سیاہ رنگ پہننا) جائز ہے کیونکہ ان کے زمانے میں لوگ سیاہ رنگ پہنتے اور اس پر فخر کرتے اور

---

[1] زیادہ پاکیزہ اس لئے کہ وہ بہت جلد میلے ہوجاتے ہیں اسی لئے زیادہ دھوئے جاتے ہیں برخلاف رنگ دار کپڑوں کے، کہ وہ میل خورے ہوتے ہیں اس لئے دیر سے دھوئے جاتے ہیں اور اچھے اس لئے کہ طبیعت سلیمہ (یعنی اچھی طبیعت) ان کی طرف میلان کرتی ہے۔(أشعۃ اللمعات، کتاب اللباس، الفصل الثانی)

[2] علامہ شامی متوفی ۱۲۵۲ھ "رد المحتار" کے کتاب الحظر والإباحۃ، فصل فی اللبس میں لکھتے ہیں ''سفید رنگ مستحب ہے''۔

[3] علامہ شامی متوفی ۱۲۵۲ھ "رد المحتار" کے کتاب الحظر والإباحۃ، فصل فی اللبس میں نقل کرتے ہیں ''اور سبز رنگ، پہننا سنّت ہے جیسا کہ "شرعۃ الإسلام" میں ہے''۔

''کنز'' میں ہے سیاہ رنگ[1] پہننا مستحب[2] ہے۔

عمامہ شریف کا بیان:

اور ''شِرعۃ الاسلام'' میں ہے کہ نبی ﷺ نے سیاہ عمامہ زیب سر فرمایا اور اس کا شملہ اپنے دونوں کندھوں کے درمیان میں لٹکایا۔ پس عمامہ باندھنے میں سنّت یہ ہے کہ سفید ہو جس میں دوسرے کسی رنگ کی آمیزش نہ ہو اور آنحضرت ﷺ کی دستار مبارک اکثر اوقات سفید[3] ہوا کرتی اور کبھی سیاہ[4] اور کبھی سبز[5]، مگر بعض علماء نے فرمایا ہے کہ بوقتِ غزوہ و جنگ آپ ﷺ کے سر

[1] حافظ الدین محمد بن محمد بن شہاب المعروف بابن البزاز متوفی ۸۲۷ھ "فتاوی بزازیہ" کے كتاب الكراهية، الفصل السابع فی اللبس میں لکھتے ہیں ''سیاہ رنگ پہننا مستحب ہے''

[2] محرم کے دنوں میں مشابہت سے بچنے کے لئے سبز اور سیاہ رنگ کے کپڑے پہننے سے اجتناب لازم ہے (بہارِ شریعت)

[3] امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت نقل کرتے ہیں عن سليمان بن أبي عبد الله، قال: أدركت المهاجرين الأولين يعتمون بعمائم كرابيس سود وبيض وحمر وخضر وصفر الخ. یعنی، سلیمان بن ابی عبد اللہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے پہلے مہاجرین صحابہ کرام کو سوتی سیاہ، سفید، سُرخ، سبز اور پیلے رنگ کے عمامے باندھتے پایا۔ (مصنف ابن أبي شيبة، كتاب (١٨) اللباس والزينة، باب (٤٤) من كان يعتم بكور واحد، الحديث: ٢٤٩٧٧)

[4] امام ترمذی متوفی ۲۷۹ھ روایات نقل کرتے ہیں: عن جابر، قال: دخل النبي ﷺ مكة يوم الفتح وعليه عمامة سوداء، یعنی نبی ﷺ فتحِ مکہ کے دن اس حال میں مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے کہ آپ کے سرِ اقدس پر سیاہ عمامہ تھا۔ اور حضرت جعفر بن عمرو بن حریث اپنے والد سے روایت بیان کرتے ہیں قال: رأيت على رأس رسول الله ﷺ عمامة سوداء، یعنی، میں نے رسول اللہ ﷺ کے سر مبارک پر سیاہ عمامہ دیکھا، انہیں سے ایک اور روایت ہے کہ أن النبي ﷺ خطب الناس وعليه عمامة سوداء، یعنی، نبی ﷺ لوگوں سے خطاب فرمایا حالانکہ آپ پر سیاہ عمامہ تھا۔ (الشمائل المحمدية والخصائل المصطفوية ﷺ، للترمذی باب (١٧))

[5] اسی طرح شیخ محقق نے اپنی کتاب "ضياء القلوب فی لباس المحبوب" میں لکھا ہے، نیز "ضياء القلوب" ہی میں ایک اور مقام پر لکھتے ہیں: بہترین لباس سفید ہے اور عمامہ میں سیاہ و سبز رنگ، اور پاجامہ۔ سبز رنگ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے نزدیک سب سے محبوب رنگ ہے چنانچہ مُلّا علی قاری "مرقاۃ" شرح مشکوٰۃ شریف میں لکھتے ہیں وقد ورد كان أحب الألوان إليه الخضرة . یعنی، تحقیق حدیث شریف میں وارد ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے نزدیک سب سے پسندیدہ رنگ سبز تھا۔ تفسیر خازن، سورۂ انفال میں ہے كان سيما الملائكة يوم بدر عمائم بيض ويوم حنين عمائم خضر . یعنی، یومِ بدر فرشتوں کی نشانی سفید عمامے اور حنین کے دن سبز عمامے تھی۔ =

انور پر سیاہ عمامہ ہوتا تھا اور بعض علماء نے فرمایا ہے خُود (لوہی ٹوپی جو جنگ میں پہنی جاتی ہے) کے سبب دستار مبارک کا رنگ سیاہ اور تیرہ ہو گیا تھا ورنہ وہ دستار مبارک سفید تھی مگر ثابت یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے کبھی کبھار سیاہ عمامہ باندھا ہے[1]۔ اور کہا گیا ہے رسول اللہ ﷺ کا خانگی (یعنی گھر میں باندھنے کا) عمامہ سات یا آٹھ گز[2] ہوتا اور پنجگانہ نمازوں کے وقت بارہ گز اور عید کے روز چودہ گز اور جنگ وحرب کے وقت پندرہ گز اور متاخرین علمائے کرام نے فرمایا کہ وقار و مرتبہ اور بزرگی کی وجہ سے بادشاہ، قاضی، مفتی، فقیہ، مشائخ اور غازی کو اکتیس (۳۱) گز (یعنی ہاتھ) تک عمامہ باندھنا جائز ہے۔ عمامہ باندھنے میں سنت یہ ہے کہ عمامہ لمبا ہو نہ کہ چوڑا اور عمامہ کا عرض آدھا ہاتھ ہو[3] یا تھوڑا کم یا زیادہ اس کمی بیشی میں کوئی حرج نہیں اور اس کی کم سے کم لمبائی سات گز ہو، ایسے گز سے جو چوبیس انگل کا ہوتا ہے کہ چھ مٹھیاں بنتی ہیں اور یہ کہ عمامہ باطہارت باندھے اور قبلہ رُو کھڑا ہو کر باندھے اور جب بھی کھولے تو پیچ پیچ کر کے کھولے یکبارگی نہ اتارے[4] جیسے

= اور شیخ محقق اپنی کتاب "مدارج النبوۃ"، ہی میں لکھتے ہیں: جبرائیل علیہ السلام روزِ بدر پانچ سو فرشتوں کے ساتھ اور میکائیل علیہ السلام پانچ سو فرشتوں کے ساتھ انسانی شکل وصورت میں ابلق گھوڑوں پر سوار اترے اس وقت ان کے جسموں پر سفید لباس اور ان کے سروں پر سفید عمامے تھے اور روزِ حنین سبز عمامے تھے۔ الخ۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ روزِ بدر فرشتوں کی پیشانیوں پر سفید عمامے اور روزِ حنین سبز عمامے تھے۔ الخ۔ شیخ الحدیث والتفسیر مفتی محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ لکھتے ہیں: "سبز رنگ کا لباس حضور خواجہ کونین ﷺ کے لباس میں داخل اور ایسا لباس ملائکہ کرام واہلِ جنت کا لباس ہے اور سبز عمامے باندھنا ملائکہ کی سنت مبارکہ ہے لہٰذا اس رنگ میں لباس پہننے اور سبز عمامے استعمال کرنے میں محبوبِ خدا ﷺ، ملائکہ کرام اور اہلِ جنّت کے ساتھ مشابہت وموافقت ہوگی جو کہ محمود ومسعود اور باعثِ رحمت وبرکت اور موجبِ شرف وعظمت ہے" (سبز عمامہ کا جواز، ص ۱۸) مفتی وقار الدین علیہ الرحمہ متوفی ۱۴۱۳ھ اپنے دور میں سبز عمامے کو قادیانیوں کی 'دیندار انجمن'' کی مشابہت کی وجہ سے منع فرماتے تھے۔ لیکن اب اس انجمن کا وجود مفقود اور اہلسنّت میں بہت زیادہ رائج ہو جانے کی وجہ سے یہ حکم باقی نہ رہا (مترجم غفرلہ)

[1] چنانچہ کتبِ احادیث میں نبی ﷺ کے سیاہ عمامہ باندھنے کا ذکر موجود ہے۔ جیسا کہ گذشتہ صفحہ پر بیان گزرا۔

[2] اس گز سے مراد شرعی گز ہے جو چوبیس (۲۴) انگلیاں ہوتا ہے نہ کہ انگریزی گز جو چھتیس (۳۶) انچ کا ہوتا ہے۔

[3] آدھا ہاتھ سے مراد ہے نصف شرعی گز یعنی بارہ انگلیاں۔

[4] اسی طرح "فتاویٰ بزازیہ" کتاب الکراهية، الفصل السابع فی اللبس میں ہے۔

باندھنے میں پیچ پر پیچ دیا تھا اسی طریقے سے کھولے، عمامہ باندھنے کے بعد آئینہ یا پانی یا اس کی مثل کسی (عکس دار) چیز میں دیکھ کر اس کو درست کرے اور عمامہ شملہ کے ساتھ باندھے۔

۳۸۹)

شملہ کا بیان:

اور شملہ میں اختلاف ہے اکثر اوقات شملہ آنحضرت ﷺ کی پشت مبارک کی جانب ہوتا اور کبھی کبھار دائیں جانب، اور بائیں جانب شملہ رکھنا بدعت (یعنی غیر مسنون) ہے اور شملہ کی کم از کم مقدار چار انگلیاں ہے اور زیادہ سے زیادہ ایک ہاتھ اور اتنی لمبائی جو کمر سے تجاوز کر جائے بدعت ہے اور شملہ لٹکانے کو نماز کے وقت کے ساتھ خاص کرنا بھی سنّت کے موافق نہیں اور شملہ لٹکانا مستحب ہے اور سُنَنِ زوائد سے ہے اور اس کے ترک کرنے میں کوئی گناہ نہیں اگرچہ اس کے لٹکانے میں ثواب وفضیلت زیادہ ہے اور "الروضۃ" میں ہے عمامہ کا شملہ دونوں شانوں کے درمیان لٹکانا مستحب ہے۔ اور شملہ پچھلی جانب لٹکانا مستحب ہے سنت مؤکدہ نہیں ہے اور رسول اللہ ﷺ عمامہ کا شملہ کبھی لٹکایا کرتے اور کبھی نہیں اور فقہاء کے پاس شملہ کے لٹکانے کی قیاسی دلیلیں بہت ہیں اور وہ شملہ لٹکانے کو سنّت مؤکدہ سمجھتے ہیں اور بعض بائیں جانب کو لٹکانا مناسب جانتے ہیں، مگر اس کی سند قوی و معتبر نہیں ہے اگرچہ بعض علماء نے اس باب میں اس کی دلیلیں لکھی ہیں۔ اور متاخرین علماء جُہّالِ زمانہ کے طعن و تمسخر کی بنا پر سوائے پنجگانہ نمازوں کے شملہ لٹکانے کو بھی مستحب نہیں جانتے اور ''فتاویٰ حجۃ'' اور ''جامع'' میں لکھا ہے کہ ترکِ شملہ گناہ ہے[1] اور شملہ کے ساتھ دو رکعت (نماز پڑھنا) شملہ کے بغیر ستر (۷۰) رکعات (نماز پڑھنے) سے افضل ہے۔

شملہ کی اقسام:

اور شملہ کی چھ اقسام ہیں قاضی کے لئے پینتیس (۳۵) انگل اور خطیب کے لئے اکیس (۲۱) اور عالم کے لئے ستائیس (۲۷) اور طالبِ علم کے لئے سترہ (۱۷) اور صوفی کے لئے

---

[1] صدر الشریعہ محمد امجد علی متوفی ۱۳۶۷ھ لکھتے ہیں ''بعض لوگ شملہ بالکل نہیں لٹکاتے یہ سنّت کے خلاف ہے اور بعض شملہ کو اوپر لا کر عمامہ میں گھسیڑ دیتے ہیں یہ بھی نہ چاہئے خصوصاً حالتِ نماز میں ایسا ہے تو نماز مکروہ ہوگی'' (بہارِ شریعت، حصہ (۱۶)، عمامہ کا بیان)

سات (۷) اور عام آدمی کے لئے چار (۴) انگل۔

اور عمامہ بیٹھ کر نہ باندھے اور ازار کھڑے ہوکر نہ پہنے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے قَالَ ﷺ: "مَنْ تَعَمَّمَ قَاعِداً أَوْ تَسَرْوَلَ قَائِماً ابْتَلَاهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ بِبَلَاءٍ لَا دَوَاءَ لَهُ" (یعنی، حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے بیٹھ کر عمامہ باندھا یا کھڑے ہوکر سراویل (یعنی پاجامہ یا شلوار) پہنی تو اللہ تعالیٰ اسے ایسی مصیبت میں مبتلاء فرمائے گا جس کی کوئی دواء نہیں (اور اگر معذور ہو تو جائز ہے)۔

اور بعض معتبر کُتُب میں لکھا ہے کہ کوئی شخص اکثر اوقات اپنے آپ کو سیاہ یا سبز لباس میں مشہور نہ کرے کہ مکروہ وممنوع ہے چنانچہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ فِی الدُّنْیَا أَلْبَسَهُ اللّٰهُ ثَوْبَ مُذَلَّةٍ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ"، (یعنی، جس نے دنیا میں شہرت کا کپڑا پہنا[1]، بروزِ قیامت اللہ تعالیٰ اسے ذلّت کا کپڑا پہنائے گا[2]) اور اگر کبھی کبھار ہو تو منع نہیں۔

اور بہترین لباس سفید ہے اور عمامہ میں سیاہ و سبز رنگ (باندھنا)، اور پاجامہ (یا شلوار) اور پیراہن (پہن کر)، اور سیاہ و سبز چادر اوڑھ کر بادشاہوں اور مالداروں کے گھر نہ جائے کہ ممنوع ہے۔

---

[1] یعنی جو شخص تکبر و بڑائی کے ارادے سے قیمتی کپڑا پہن کر چاہتا ہے کہ اپنے آپ کو اس کے ذریعے لوگوں میں مُعَزَّز ومشہور بنائے (أشعة اللمعات، کتاب اللباس، الفصل الثانی)

[2] جس کے ذریعے سے اسے ذلیل ورسوا کرے گا۔ ہوسکتا ہے کہ ثوب مذلة میں اضافت بیانیہ ہو یعنی اُسے بے عزتی اور ذلّت کا حامل بنائے گا اور لوگوں کی نظر میں خوار وفقیر بنائے گا، بعض شارحین نے فرمایا شہرت کے کپڑے سے مراد وہ بعض حرام کپڑے ہیں جن کا پہننا جائز نہیں ہے، بعض نے فرمایا وہ کپڑے مراد ہیں جو تکبّر و بڑائی، فقراء کی تذلیل اور ان کے دل توڑنے کے لئے پہنے جائیں یا زہد و پاکدامنی کے اظہار کے لئے پہنے جائیں، بعض نے فرمایا وہ اعمال مراد ہیں جو ریاکاری اور اپنے آپ کو مشہور کرنے کے لئے کئے جائیں انہوں نے کہا کہ کپڑے کا اطلاق عمل پر عام ہے۔ اس میں شک نہیں کہ پہلا مطلب زیادہ ظاہر اور سباق حدیث کے زیادہ مناسب ہے (أشعة اللمعات، کتاب اللباس، الفصل الثانی)

ٹوپی کا بیان:

ٹوپی کی دو قسمیں ہیں ایک لاطیہ دوسری ناشرہ، لاطیہ اُسے کہتے ہیں جو سر کے ساتھ متصل ہو، آنحضرت ﷺ نے اسے بھی اپنے سر مبارک پر رکھا ہے اور ناشرہ اُسے کہتے ہیں جو سر کے ساتھ متصل نہ ہو بلکہ اوپر کو اُٹھی ہوئی ہو اور وہ سیاہ طاقیہ (ٹوپی کی ایک قسم) ہے اور رسول خدا ﷺ نے اسے بہت کم اپنے سر مبارک پر رکھا ہے[1] اور بعض مشائخ اسے پہنتے ہیں یہ جائز ہے، آنحضرت ﷺ کی ٹوپی لاطیہ ہوتی جو کہ عمامے کے نیچے پہنتے تھے اور کبھی عمامہ بغیر لاطیہ کے باندھتے[2]۔

عمامہ باندھنے کا طریقہ:

اور آنحضرت ﷺ کا عمامہ باندھنا گول حلقہ ہوتا گنبد نما (یعنی عمامہ کی شکل گنبد نما ہوتی) چنانچہ علماء و شرفاء عرب عمامہ اسی طریقہ پر باندھتے ہیں۔

قمیص کا بیان:

آنحضرت ﷺ اکثر قمیص زیب تن فرمایا کرتے[3] اور کبھی سرخ حُلّہ (پوشاک) اور حُلّہ

---

[1] علامہ ابوالشیخ اصفہانی نے اپنی کتاب ''اخلاق النبی ﷺ'' میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کی کہ حضور ﷺ کے پاس تین قسم کی ٹوپیاں تھیں، ایک سفید روئی کے استر والی، ایک منقش یمنی چادر کی ٹوپی اور ایک کانوں والی ٹوپی جسے آپ سفر میں پہنا کرتے تھے اور نقل کرتے ہیں کہ حریز بن عثمان کہتے ہیں کہ میں عبداللہ بن بسر سے ملا اور ان سے حدیث بیان کرنے کی درخواست کی، تو انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس تین قسم کی ٹوپیاں دیکھی ہیں، یمنی ٹوپی، کانوں والی ٹوپی اور سر سے لگی ہوئی ٹوپی (ذکر قلنسوته ﷺ)

[2] شیخ محقق علیہ الرحمہ کی اس عبارت سے یہ لازم نہیں آتا کہ نبی ﷺ بغیر ٹوپی کے عمامہ باندھتے تھے بلکہ آپ نے لکھا ہے کہ نبی ﷺ کبھی عمامہ بغیر لاطیہ کے باندھتے تھے نہ کہ یہ فرمایا کہ حضور ﷺ کبھی عمامہ بغیر ٹوپی کے باندھتے کیونکہ ''بغیر لاطیہ'' کا لفظ اس بات کی دلیل ہے کہ ٹوپی تو ہوتی مگر وہ لاطیہ نہیں ہوتی تھی۔

[3] حدیث شریف میں ہے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے نزدیک پسندیدہ ترین لباس قمیص تھا، اس حدیث کو امام ابوداؤد نے اپنی سنن: ۴۰۲۵، امام ترمذی نے اپنی جامع: ۶۲:۱۷، اور امام خطیب تبریزی نے ''مشکوۃ المصابیح'' کے کتاب اللباس، الفصل الثانی میں نقل فرمایا ہے۔ کیونکہ قمیص نبی اکرم ﷺ کو زیادہ پسند تھی اس لئے کہ اس میں کئی حکمتیں، اسرار و انوار ہوں گے جو دوسرے کپڑوں میں نہیں ہوں گے، جیسے کہ دوسرے مستحبات کا بھی یہی حکم ہے۔ (أشعة اللمعات، کتاب اللباس، الفصل الثانی)

پہننے کے دو کپڑوں سے عبارت ہے[1] اور سرخ سے مراد یہ ہے کہ اس میں سرخ لکیریں ہوں نہ کہ وہ خالص سرخ ہو کیونکہ خالص سُرخی ممنوع ہے جسے جلانے کا حکم فرمایا ہے اور فرمایا "إِنَّ هٰذَا لِبَاسُ الْكُفَّارِ"، (یعنی، بے شک یہ کافروں کا لباس ہے) اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا ﷺ کو میں نے دیکھا کہ بہترین (یعنی بیش قیمت) جوڑا زیب تن کئے ہوئے تھے فرمایا اگر کوئی حق تعالیٰ کی نعمت کے اظہار کے لئے شان وشوکت اور زیب وزینت دینے والا لباس پہنے تو ثواب پائے گا اور اگر فخر وغرور کے لئے پہنے تو عذاب پائے گا۔

اور "خلاصہ" میں ہے خوش وضع لباس پہننے میں کوئی مضائقہ نہیں جبکہ وہ تکبر نہ کرتا ہو اور "مجمع النوازل" میں ہے خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ وَعَلَيْهِ رِدَاءٌ قِيْمَتُهُ أَلْفُ دِرْهَمٍ وَزْناً، وَقَامَ إِلَى الصَّلٰوةِ وَعَلَيْهِ رِدَاءٌ قِيْمَتُهُ أَرْبَعْمِائَةِ أَلْفِ دِرْهَمٍ (یعنی، رسول اللہ ﷺ ایک روز باہر تشریف لائے حالانکہ آپ پر ایک چادر تھی جس کی قیمت وزن کے حساب سے ہزار درہم تھی اور نماز کے لئے کھڑے ہوئے جبکہ آپ پر ایک چادر تھی جس کی قیمت چاندی کے چار لاکھ درہم تھی)۔ اور امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ ایسی چادر استعمال فرماتے جس کی قیمت چار سو (۴۰۰) سونے کے دینار تھی اور اپنے شاگردوں سے فرمایا کرتے تھے جب تم اپنے وطن لوٹو تو اپنے اوپر اچھے اچھے قیمتی کپڑے لازم سمجھو۔

اور آنحضرت ﷺ نے نقشدار جامہ زیبِ تن فرمایا نیز جامۂ سیاہ بھی پہنا ہے اور کھال کا کُرتا بھی زیبِ تن فرمایا ہے جس کی اطراف سندس (دیبا) سے سلی ہوئی تھیں۔

اور "قنیہ" میں ہے کہ طویل عمامہ سر پر باندھنا اور (زیادہ) کشادہ کپڑے پہننا ان علماء کے حق میں اچھا ہے جو أعْلَامُ الْهُدیٰ (یعنی ہدایت کے جھنڈے) ہیں سوائے عورتوں کے (یعنی عورتوں کے حق میں زیادہ کشادہ کپڑے پہننا مناسب نہیں)۔

مگر جامہ پہننے میں اصل یہ ہے کہ وہ حلال کمائی سے ہو اور وہ جامہ جو حرام کمائی سے

---

[1] حلہ تہبند اور اوپر لینے والی چادر کے جوڑے کو کہتے ہیں (أشعة اللمعات، كتاب اللباس، الفصل الأول)

حاصل ہوا ہو، اس میں فرض و نفل کوئی نماز قبول نہیں ہوتی اور لباس میں افضل یہ ہے کہ درمیانہ کپڑا پہنے نہ انتہائی عمدہ اور نہ انتہائی ناقص اور وہ لباس جو لوگوں میں متعارف و مشہور ہے اسے آنحضرت ﷺ نے دو مرتبہ سے زیادہ نہیں پہنا، ایک مرتبہ نجاشی یعنی حبشہ کے بادشاہ نے ہدیۃً آنحضرت ﷺ کی خدمت اقدس میں بھیجا تھا، آپ ﷺ نے پہنا اور حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا اور دوسری مرتبہ یمن کے تحائف و ہدایا میں آیا تھا اُسے پہن کر حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کو عنایت فرما دیا۔

گریبان کا بیان:

اور جیب یعنی اس جامہ کا گریبان بائیں بغل کی جانب سے سِلا ہوا ہو اور اس کے باندھنے کا بند دائیں بغل کی جانب ہو، جیسا کہ اس زمانہ میں معمول اور معروف و مشہور ہے اور "روضۃ المعانی" اور "زاد الفقہاء" جو صاحبِ صحیح بخاری اور امام نووی کی تصنیف ہیں ان میں بھی اسی طریقے سے لکھا ہے کہ لباس کے گریبان کا منہ دائیں ہاتھ کی جانب ہو اور "روضہ" میں ہے گذشتہ زمانے میں جب غازی کفار کے ساتھ جنگ کے لئے جاتے اور ہر وقت غنیمتوں کی طرف سے فرصت نہ پاتے تو راہ چلتے روٹی و کھجور وغیرہ کھانے کی اشیاء کی جیب و گریبان میں حفاظت کرتے اور گھوڑے کی لگام بائیں ہاتھ میں تھامے لقمہ لقمہ اور ایک ایک کھجور دائیں ہاتھ سے نکال کر کھاتے۔

اور حضرت عمر بن عبدالعزیز اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں جامہ کے گریبان کا یہی دستور تھا، جو لوگ اسے بدعتِ جدیدہ کہتے ہیں وہ (ان کی) ناسمجھی ہے اور بخارا میں اہلِ علم و فضل کُتُب کے جزء اور نسخے جیب و گریبان میں رکھ لیا کرتے تھے اور راستے میں جیب و بغل سے نکال کر مطالعہ کرتے اور اپنی راہ چل دیتے، اور سلاطین و علمائے دین اور صلحائے اہل صدق و یقین کی مجالس میں کھانے سے فراغت کے بعد تبرّ کاً و تیمناً روٹی (کا کچھ ٹکڑا) گریبان و بغل میں محفوظ کر لیتے تا کہ ہر خاص و عام جو اپنے گھر جائے، اپنے اہلِ خانہ کو تبرّک سے نوازے اور رومال و نقدی کو جیب و گریبان میں محفوظ کرتے۔ ان تمام (کاموں میں) دائیں ہاتھ کا استعمال دائیں

ہاتھ کی طرف کے گریبان سے ہوتا اور اگر قمیص کے گریبان کا منہ بائیں جانب ہوتو بائیں جانب دائیں ہاتھ کے استعمال میں بہت حرج ہوگا اور گریباں کا منہ بائیں ہاتھ کی جانب رکھنا اسلام کے ممنوعات سے ہے، کہ مجوسیوں اور آتش پرستوں کا طریقہ ہے۔ بادشاہِ اسلام اور قاضی اسلام کو چاہئے اس طریقہ سے کہ گریبان کا منہ بائیں جانب ہوتو منع اور زجر کرے (یعنی مار و جھڑکی وغیرہ کے ذریعے روکے)۔ حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کے زمانے میں ایک شخص گواہی دینے کے لئے عدالت میں آیا جبکہ اس کے گریبان کا منہ اور باندھنے کا بند بائیں جانب تھا، قاضیٔ شرع نے اس کی گواہی رد (یعنی نامنظور) کردی اور شیخ شرف الدین یحییٰ منیری علیہ الرحمہ جو علماء میں معتمد اور اپنے وقت کے شیخ تھے، انہوں نے بھی (اپنے مکتوب (۹۱) میں) اسی طرح لکھا ہے کہ قمیص میں گریبان دائیں جانب سینا سنّت ہے اس لئے کہ سیدھا ہاتھ اس میں آسانی سے جاسکے، قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے بیان میں ہے: ﴿وَأَدْخِلْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ﴾ [النمل: ۱۲/۲۷] ترجمہ: اور اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال نکلے گا سفید چمکتا (کنز الایمان)

اہلِ اسلام جو جامہ یا جیب سیتے ہیں اس میں بہت سے فائدے ہیں، بوقت ضرورت کنگھی اور دیگر چیزیں اس میں رکھ سکتے ہیں اور دائیں ہاتھ سے اُسے نکال سکتے ہیں اور عرب میں قصب الجیب کا استعمال ہے اس میں بھی عمل دائیں ہاتھ پر ہے۔

قمیص وغیرہ پہننے کا طریقہ:

اور قمیص، کُرتا اور جُبّہ پہننے میں سنّت یہ ہے کہ پہلے دایاں ہاتھ دائیں آستین میں داخل کرے پھر بایاں ہاتھ بائیں آستین میں۔

رداء: چادر کا بیان:

رداء و چادر دائیں ہاتھ سے بائیں کندھے پر ڈالے جیسا کہ معمول ہے اور میت کا لفافہ بھی اسی طریقہ سے لپیٹتے ہیں کیونکہ مُردہ کا لفافہ زندہ کی چادر و رداء کا حکم رکھتا ہے اور یہ طریقہ اکثر

کُتبِ فقہ میں لکھا ہوا ہے۔ اور وہ لوگ جو قیاس کرتے ہوئے قمیص کو رداء و چادر پہننے پر محمول کرتے ہیں خلافِ شرع ہے اور بدعت (یعنی غیر سنّت) کو رواج دیتے ہیں اس طریقہ سے بچنا چاہیے تاکہ ثواب پائیں اور عذاب سے بچیں۔

۳۸۹

اور کُرتہ، جُبّہ اور خرقہ[1] میں آستین کشادہ کرنا صحابہ کرام علیہم الرضوان کی سنّت اور متقدمین مشائخ کا طریقہ ہے تاکہ بوقتِ وضو اور دوسرا کوئی کام کرتے وقت آستین بآسانی اوپر چڑھا سکیں اور اگر چاہیں تو تسبیح یا کوئی اور چیز بھی آستین میں رکھ سکیں اور آستین کے آخر اور قمیص کے پائیدان میں سنجاف سینا سنّت ہے اور صحابہ کرام اور تابعین عظام علیہم الرضوان جو کُرتے اور جُبّے کو فراخ و کشادہ رکھتے تھے اس لئے کہ ان کے بدن ریاضت و مشقت اور قیام و صیام میں بہت زیادہ لاغر و ضعیف رہتے تھے، لہٰذا وہ اپنی ہیبت و دلیری (کو قائم رکھنے) کے لئے (کشادہ لباس) پہنتے تھے تاکہ دشمنوں اور کافروں کی نظر میں حقیر نہ ٹھہریں اور انہوں نے جو کچھ بھی کیا وہ اپنے نفس کی خاطر نہ کیا بلکہ دین کی ترویج و استقامت کے لئے کیا۔

قبا کا بیان:

قبا اس جامہ کو کہتے ہیں جو گریبان دار ہو اور وہ عرب و عجم میں متعارف ہے اور عرب و عجم میں اس کا استعمال بہت ہے اور رسول اللہ ﷺ نے اسے پہنا ہے اس کے گریبان کا منہ اور اس کے باندھنے کے فیتے دائیں ہاتھ کو ہوتے تھے اور جُبّہ رومیہ بھی جس کی آستین تنگ ہوتی ہے، آنحضرت ﷺ نے زیب تن فرمایا ہے اور بوقتِ وضو ہاتھ آستین سے باہر نکال لیا کرتے یعنی وہ جُبّہ اتنا تنگ تھا کہ ہاتھ آستین سے باہر نکالے بغیر دھونا آسان نہ تھا اور ثابت ہے کہ آپ نے اسے سفر میں زیب تن فرمایا اور اسی پر اتفاق ہے اور کبھی جُبّہ و قبا گھنڈی دار زیب تن فرمایا ہے، قبا کو کبھی گھنڈی دار سیتے ہیں جیسا کہ اس زمانے میں گھنڈی دار جامہ قادری کے نام سے مشہور ہے۔

---

[1] قولہ: خرقہ، پرانا جامہ، گدڑی، فقیروں کا لباس

قمیص کی جیب کا بیان:

ثابت ہے کہ آنحضرت ﷺ کی قمیص کا گریبان آپ کے سینہ مبارک پر تھا چنانچہ کثیر احادیث اس پر دلالت کرتی ہیں اور محدّثین نے اس کی تحقیق کی ہے، تمام دیارِ عرب خلفاً عن سلفٍ ابتدائے یمن سے انتہائے مغرب تک کا عُرف اس پر ہو چکا ہے اور بعض لوگ جنھیں سنّت کا علم نہیں ہے وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ سینہ پر گریبان نکالنا بدعت ہے کیونکہ عجم[1] کے بعض شہروں میں سینہ پر گریبان رکھنا عورتوں کی عادت بن گئی ہے بعض فقہاء نے عورتوں کے ساتھ تشبیہ کی وجہ سے اس پر کراہت کا حکم لگایا ہے، اس میں کوئی شک نہیں یہ عادت (یعنی عورتوں کا سینہ پر گریبان رکھنا) حادث (یعنی یہ عادت بعد میں پیدا ہوئی) ہے اور تحقیق یہی ہے کہ نبی ﷺ کے پیراہن کا گریبان سینہ مبارک پر ہوتا تھا، فقہائے کرام نے جو کندھوں پر گریبان کے شگاف کو مقرر کیا ہے وہ آنحضرت ﷺ کے گریبان جیب کے برعکس ہے اور اس مقدمہ کو میں نے ''مشکوۃ المصابیح'' کے فارسی ترجمہ اور اس کی عربی شرح[2] میں نہایت وضاحت سے لکھا ہے اور اگر کبھی کندھوں پر شگافِ گریبان والا پیراہن آنحضرت ﷺ نے زیبِ تن فرمایا ہو اور اس کی سند فقہاء کو پہنچی ہو مگر علمائے حدیث کے مطابق سند قطعی کی کوئی جگہ نہیں (یعنی ان کے اصول کے مطابق قطعی سند کہیں نہیں)۔

خرقہ وفرجی کا بیان:

خرقہ، فرجی[3] (قبا کی ایک قسم ہے) اور لباچہ[4] (بالا پوش) جو علماء، مشائخ اور صلحاء پہنتے ہیں اگرچہ اس باب میں (یعنی اس کے متعلق) سند قوی نہیں ہے اور آنحضرت ﷺ کے (ظاہری) زمانۂ مبارکہ میں یہ لباس نہیں تھا، اگر کوئی پہنے تو مباح ہے کوئی حرج نہیں اور کہتے ہیں کہ فرجی کا

---

[1] عَجَم: بفتحتین غیر عرب ملک خصوصاً بمعنی ایران وتوران اور غیر عرب لوگوں کو بھی عجمی کہتے ہیں (غیاث اللغات)

[2] فارسی ترجمہ کا نام "أشعة اللمعات" اور عربی شرح کا نام "لمعات التنقیح" ہے۔

[3] فرجی: یہ قبا کی ایک قسم ہے جس کے فیتے نہیں ہوتے بعض اس کے آگے بند لگا لیتے ہیں اور اکثر اس کو کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں (غیاث اللغات)

[4] لباچہ: بمعنی فرجی جو کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں اور بظاہر وہ قبا کی ایک قسم ہے (غیاث اللغات)

واضع (یعنی ایجاد کرنے والا) فرعون ہے، مگر یہ (بات) کُتُبِ معتبرہ میں نہیں دیکھی گئی اور نہ ہی پایۂ ثبوت کو پہنچی، لازم ہے کہ نماز کے وقت اس کی آستین پہنے رہیں نیچے نہ لٹکائیں اس لئے کہ یہ مکروہ ہے۔

اِزار کا بیان:

اور آنحضرت ﷺ کا تہبند مبارک ناف کے اوپر سے ٹخنوں کے اوپر تک ہوتا تھا اور اسی قدر مسنون ہے اور ناف (کے نیچے) سے گھٹنوں (سمیت) ستر (یعنی ڈھانکنا) فرض ہے، بعض نے ناف کو سترِ عورت (یعنی جس کا چھپانا فرض ہے) قرار نہیں دیا کیونکہ حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کے ناف کو آنحضرت ﷺ نے بوسہ دیا ہے۔ اسی قیاس پر سراویل (پاجامہ یا شلوار) ہے۔ جو سراویل عَجم میں متعارف ہے اسے شلوار کہتے ہیں وہ آنحضرت ﷺ کی اِزار کی مقدار کے برابر ہونی چاہئے اگر ٹخنوں سے دو تین شکن نیچے ہو تو بدعت و گناہ[1] ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "لَا یَنْظُرُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ إِلٰی مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ بَطَرًا"، یعنی، خُدائے ﷻ بروزِ قیامت اس شخص کی جانب نظر (رحمت) نہیں فرمائے گا جو تکبّر، فضول خرچی اور نعمت کی ناشکری کے طور پر اپنی چادر گھسیٹے اور اسے (یعنی چادر، شلوار یا پاجامہ) لمبا کرے۔ اِس قید سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر (چادر کا لمبا ہونا) ازروئے تکبّر نہ ہو، بلکہ کسی عذر کی وجہ سے ہو مثلاً (چادر کو) مرض اور تکلیف کی وجہ سے لمبا[2] کیا ہو (تو حرج نہیں)[3]۔

اور فقہاء کے نزدیک اِزار جو ٹخنوں سے نیچے ہو حرام ہے اور محض بدعت ہے چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُیَلَاءَ لَمْ یَنْظُرِ اللّٰہُ إِلَیْهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ"، (یعنی، جو شخص

[1] جبکہ پہننے والے نے تکبراً پہنی ہو یا فضول خرچی کے طور پر یا نعمت کی ناشکری کے طور پر۔

[2] جیسے موٹاپا اور پیٹ کا بڑا ہونا بھی ایسا عذر ہے جس کی بنا پر شلوار وغیرہ نیچے گر جاتی ہے۔

[3] اس کے تحت مصنف اپنی کتاب "أشعة اللمعات" شرح مشکوٰۃ کے کتاب اللباس میں لکھتے ہیں: اس قدر سے معلوم ہوا کہ اگر اس طرح نہ ہو (یعنی ازراہِ تکبّر، فضول خرچی اور نعمت کی ناشکری کے طور پر نہ ہو) تو حرام نہیں ہے، تاہم مکروہ تنزیہی ہے اور اگر کسی عذر مثلاً بیماری یا سردی کی بناء پر ہے تو چاہئے کہ مکروہ نہ ہو۔

بطورِ تکبّر اپنا کپڑا گھسیٹے، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی جانب نظر (عنایت) نہیں فرمائے گا۔[1]

[1] یہ وعید اس صورت میں ہے کہ جب ازار کا ٹخنوں سے نیچے لٹکانا بطور تکبّر ہو ورنہ حرج نہیں کیونکہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے سیدنا صدیق اکبر ﷺ کو تہہ بند ٹخنوں سے نیچے لٹکانے کی اجازت مرحمت فرمائی جیسا کہ علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب "الدیباج" میں اس حدیث کو نقل فرمایا اور ساتھ ہی فرمایا: وقد رخص ﷺ فی ذلك لأبی بکر حیث کان جرہ لغیر الخیلاء۔ (یعنی، تحقیق رسول اللہ ﷺ نے ابوبکر (ﷺ) کو اس معاملہ میں رخصت عطاء فرمائی کیونکہ آپ کا لٹکانا بغیر تکبّر کے تھا) اور اگر کپڑا موڑ کر شلوار اونچی کی یعنی اوپر سے خرس لی یا نیچے سے پائنچہ موڑ دیا، تو کپڑے کے موڑنے یعنی کفِ ثوب کی وجہ سے نماز مکروہ تحریمی، واجب الاعادہ ہوگی۔ چنانچہ امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ نے بخاری شریف میں اس مسئلہ میں ایک باب متعین فرمایا ہے اور باب کا نام رکھا ہے باب لا یکف ثوبہ فی الصلوۃ یعنی، نمازی حالتِ نماز میں اپنا کپڑا نہ موڑے، کا بیان۔ اور اس باب کے تحت حدیث شریف نقل کی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: "أُمِرْنَا أَنْ نَسْجُدَ عَلٰی سَبْعَةِ أَعْظُمٍ وَلَا نَكُفَّ ثَوْباً وَلَا شَعْراً" (صحیح البخاری، کتاب (۱۰) الأذان، باب (۱۳۳) السجود علی سبعة أعظم، الحدیث: ۸۱۰) یعنی، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ہمیں حکم ہوا کہ ہم سات ہڈیوں پر سجدہ کریں اور اپنے کپڑے اور بال نہ موڑیں۔ اسی حدیث کو امام مسلم وغیرہ نے بھی روایت کیا ہے۔ اور اس حدیث کے بارے میں امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ نے فرمایا کہ ھذا حدیث حسن صحیح یعنی، یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور علامہ بدرالدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں فدلّ الحدیث علی کراھة الصلاة وھو معقوص الشعر ولو عقصه وھو فی الصلاة فسدت صلاته واتفق الجمھور من العلماء أن النھی لکل من یصلی کذلك سواء تعمده للصلاة أو کان کذلك قبلھا لمعنی آخر۔ ملخصاً (عمدة القاری شرح صحیح البخاری تحت الحدیث المذکور) یعنی، پس یہ حدیث اس حالت میں نماز پڑھنے کی کراہت پر دلالت کرتی ہے اور اگر یہ کام نماز کے اندر کیا جائے تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور جمہور علمائے کرام کا اس پر اتفاق ہے کہ نبی ﷺ کا (کفِ ثوب اور کفِ شعر کا) منع فرمانا ہر اس نمازی کے لئے ہے جو اس طرح نماز پڑھے خواہ وہ قصداً نماز کے لئے ہی ایسا کرے یا پہلے سے ایسا کئے ہوئے ہو۔ اور امام یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ لکھتے ہیں ثم مذھب جمھور العلماء أن النھی مطلقاً لمن صلّی کذلك سواء تعمد للصلاة أم کان قبلھا کذلك الخ (شرح صحیح مسلم للنووی) یعنی، جمہور علمائے کرام کا مذہب یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کے فرمان میں نہی (منع کرنا) مطلقاً ہے جو ہر ایسے نمازی کے لئے ہے جو اس طرح نماز پڑھے چاہے قصداً اس نے نماز کے لئے ایسا کیا ہو یا پہلے سے ایسے کئے ہوئے ہو۔ انہی احادیث کریمہ کی روشنی میں فقہائے کرام نے کفِ ثوب، کفِ شعر (کپڑا یا بال موڑنا) اور تکبّر سے پائنچے لٹکانے کو مکروہ تحریمی قرار دیا ہے۔ چنانچہ علامہ علاؤالدین حصکفی متوفی ۱۰۸۸ھ لکھتے ہیں وکرہ =

اور فرمایا: "مَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ مِنَ الْإِزَارِ فَهُوَ فِي النَّارِ"، (یعنی، تہبند کا جتنا حصہ ٹخنوں سے نیچے ہو وہ دوزخ کی آگ میں ہے)[1]۔

= كفه أي رفعه ولو لتراب كمشمر كُمّ أو ذيل اور اس کے تحت علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ لکھتے ہیں أي كما لو دخل في الصلاة وهو مشمر كمه أو ذيله، وأشار إلى أن الكراهة لا تختص بالكف وهو في الصلاة (الدر المختار، ورد المحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب: في الكراهة الخ) یعنی، اور کفِ ثوب مکروہ ہے یعنی کپڑا اُٹھانا اگرچہ مٹی سے بچانے کے لئے ہو جیسے آستین اور دامن موڑنا اگر ایسی حالت میں نماز میں داخل ہوا کہ اس کی آستین یا اس کا دامن موڑا ہوا تھا اور اس قول سے اس کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ یہ موڑنا حالت نماز کے ساتھ مخصوص نہیں خواہ نماز شروع کرنے سے قبل یا دورانِ نماز ہو، تمام صورتوں میں مکروہ ہے۔

[1] مصنف علیہ الرحمہ اپنی کتاب "أشعة اللمعات" کے کتاب اللباس، الفصل الأول میں اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں "یعنی قدم کا وہ حصہ جو ٹخنوں سے نیچے ہے اور اس پر تہبند بطور فخر لٹکایا ہوا ہے۔ بعض شارحین نے فرمایا مطلب یہ ہے کہ یہ فعل مذموم ہے اور اہل نار کے افعال میں سے ہے۔ اسی طرح علامہ طیبی (شارح مشکوة المصابیح) نے بیان کیا،

تنبیہ: خیال رہے کہ اکثر طور پر گھسیٹنے اور لٹکانے کی مذمت تہبند کے بارے میں واقع ہوئی ہے اور اس پر شدید وعید واقع ہوئی ہے۔ یہاں تک کہ تہبند لٹکانے والے کو اس حال میں ادا کی گئی نماز اور وضو کے لوٹانے کا حکم دیا جیسا کہ مشکوة شریف کے ابتدائی حصے میں گزرا۔ احادیث میں آیا ہے کہ شعبان کی پندرہویں رات سب بخش دیئے جاتے ہیں سوائے والدین کے نافرمان، عادی شرابی اور چادر لٹکانے والے کے، اور تحقیق یہ ہے کہ لٹکانا تمام کپڑوں میں پایا جاتا ہے، جو کپڑا سنت کی موافقت اور حاجت سے زیادہ ہو وہ اسبال (لٹکانے) میں داخل ہے؛ تہبند کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ اس میں یہ عمل عموماً زیادہ واقع ہوتا ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ کے زمانۂ اقدس میں اکثر لوگوں کا لباس تہبند اور اوپر لپیٹنے والی چادر تھا، دوسری فصل میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: لٹکانا تہبند، قمیص اور عمامہ میں پایا جاتا ہے۔ جس نے ان میں سے کسی چیز کو بطور تکبر لٹکایا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔ اس حدیث سے پہلے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی حدیث مذکور میں مطلق کپڑے کے گھسیٹنے کا ذکر ہے۔ تہبند میں اصل یہ ہے کہ نصف پنڈلی تک ہو۔ نبی کریم ﷺ کا تہبند اسی طرح ہوتا تھا۔ اور ارشاد فرمایا کہ مومن کا تہبند آدھی پنڈلی تک ہے اور ٹخنے سے اوپر تک رخصت ہے، قبا اور پیراہن کے دامن کا بھی یہی حکم ہے۔ آستین میں سنّت یہ ہے کہ ہاتھ کے جوڑ تک ہو، عمامہ میں لٹکانا یہ ہے کہ شملہ لمبائی میں عادت سے زیادہ ہو اس کی انتہا یہ ہے کہ نصف پشت تک ہو، اس سے زیادہ بدعت ہے اور لٹکانے کے فعلِ حرام ہونے میں داخل ہے۔ عرب کے بعض علاقوں میں جو لمبائی اور چوڑائی میں زیادتی پائی جاتی ہے خلاف سنّت ہے، اور اگر بطور تکبّر ہو تو حرام (یعنی مکروہ تحریمی) ہے۔ اور جو عرف و عادت اور کسی قوم کی علامت کے طور پر عام ہو جائے تو اس میں حرج نہیں اگرچہ زیادتی کراہت (یعنی کراہت تنزیہی) سے خالی نہیں ہے الخ

آستین کا بیان:

اور آنحضرت ﷺ کے مبارک پیراہن، جامہ، قبا اور جُبّہ کی آستین کبھی کلائی کے جوڑ (یعنی پہنچے) تک اور کبھی انگلیوں کے سروں تک گرمی اور سردی کے دنوں کے موافق مقرر ہوتی۔ کبھی ان دونوں (یعنی گرمی و سردی) کے لحاظ کے بغیر بھی ہوتی اور آنحضرت ﷺ کا مبارک جامہ اور قباء کمر کے شکن کے بغیر ہوتا۔ اور کمر کا شکن زینت ہے اور آنحضرت ﷺ کے مبارک جامے زائد بندوں کے بغیر ہوتے یعنی کاج کے علاوہ جامہ کا باندھنا کسی اور چیز سے نہ تھا اور علماء متاخرین نے اس بارے میں لا بأس (یعنی، کوئی حرج نہیں) فرمایا ہے۔

ریشمی لباس کا حکم:

ریشمی لباس پہننا مردوں کو حرام ہے کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا: "مَنْ لَبِسَ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْآخِرَةِ"۔[1] (یعنی، جس (مرد) نے دنیا میں ریشم پہنا تو آخرت میں اسے نہیں پہنے گا) اور رسول اللہ ﷺ نے چار انگل سے زیادہ ریشمی کپڑا پہننے سے منع فرمایا ہے چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ إِلَّا فِيْ مَوْضَعِ أُصْبَعٍ أَوْ أُصْبَعَيْنِ أَوْ ثَلَاثٍ أَوْ أَرْبَعَ، (یعنی، رسول اللہ ﷺ نے ریشم کے پہننے سے منع فرمایا ہے مگر ایک یا دو یا تین یا چار انگلیوں کی مقدار)[2] اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ

---

[1] یہ حدیث چار صحابہ علیہم الرضوان سے مروی ہے حضرت عمر، انس، ابن زبیر اور ابو امامہ رضی اللہ عنہم اور حضرت ابن عمر سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دنیا میں صرف وہی ریشم پہن سکتا ہے جس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں رواہ البخاری ومسلم (مشکوۃ المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الاول) یعنی جس کے لئے آخرت کی نعمتوں میں سے کوئی حصہ نہیں، یا آخرت کے عقیدے سے کوئی حصہ نہیں ہے یا آخرت میں ریشم پہننے والوں کے لئے کوئی حصہ نہیں جیسا کہ گذشتہ حدیث میں فرمایا وہ آخرت میں ریشم نہیں پہنے گا۔ (أشعة اللمعات شرح مشكوة، كتاب اللباس، الفصل الاول)

[2] اس حدیث کے تحت مصنف اپنی کتاب "أشعة اللمعات شرح مشكوة"، كتاب اللباس، الفصل الأول میں لکھتے ہیں "ہوسکتا ہے کہ ایک وقت میں دو انگلی سے زیادہ ریشم کا استعمال جائز نہ ہو بعد ازاں چار انگشت تک اجازت دے دی۔ جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ چہار انگشت سے زیادہ جائز نہیں۔ احناف کا بھی یہی مذہب ہے۔ اتنی مقدار سے مراد یہ ہے کہ ایک جگہ نہ ہو، مطلب یہ نہیں تمام کپڑے سے اگر جمع کریں تو چہار انگشت تک پہنچے"۔

أَخَذَ حَرِيْراً فَجَعَلَهُ فِيْ يَمِيْنِهِ وَأَخَذَ ذَهَباً فَجَعَلَهُ فِيْ شِمَالِهِ، فَقَالَ: "إِنَّ هٰذَيْنِ حَرَامٌ عَلىٰ ذُكُوْرِ أُمَّتِيْ"، (یعنی، نبی ﷺ نے ریشم اپنے دائیں ہاتھ میں اُٹھا کر رکھا اور سونا بائیں ہاتھ میں اور فرمایا: یہ دونوں میری امت کے مَردوں پر حرام ہیں)۔

اور ریشمی لباس مَردوں اور بچوں[1] کو پہننا حرام ہے مگر عورتوں اور نابالغہ لڑکیوں کو جائز ہے اور اگر خارش اور جرب[2] (کھجلی) دور کرنے کی غرض سے اور دفعِ سوداء کے لئے پہنا تو جائز ہے نیز جوئیں دور کرنے کے لئے ریشمی کپڑا پہنے تو اس میں کوئی حرج نہیں[3]۔ اور اگر معجون میں ریشم ملا کر کھائے تو جائز ہے۔ اور ریشمی لباس صحابیِ رسول ﷺ حضرت زبیر بن العوام اور عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کے لئے مباح تھا کیونکہ جوؤں کی وجہ سے ان کے بدن میں خارش تھی۔ پس اس سے معلوم ہوا کہ ریشم پہننا حرام ہے سوائے حاجت و مصلحت کے اور یہی مذہبِ شافعی ہے اور امام مالک کے نزدیک اصلاً جائز نہیں اور (علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی متوفی ۵۹۳ھ نے) "ہدایہ" میں فرمایا اور صاحبین کے نزدیک ریشم اور دیبا (ایک قسم کا ریشمی کپڑا) جنگ میں پہننے میں بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ (ریشم) ہتھیار کی سختی کو دور کرنے والی چیز ہے اور دشمن کی

---

[1] بچے کو اگر ریشمی لباس پہنایا تو گناہ پہنانے والے کو ہوگا اور یہی حکم زیور کا ہے کیونکہ "درمختار" میں ہے کہ جس کا پہننا اور پینا حرام ہے اس کا پہنانا اور پلانا بھی حرام ہے (كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس

[2] جرب تر خارش کو کہتے ہیں جس سے مواد نکلے۔

[3] مصنف علیہ الرحمہ "أشعة اللمعات" شرح مشكوة، كتاب اللباس، الفصل الأول میں لکھتے ہیں "خیال رہے کہ خارش کا سبب چبھنے والے تیز بخارات ہیں، خشک خارش کا سبب جلے ہوئے صفراء کا خون میں مخلوط ہو جانا ہے اور تر خارش کا سبب بلغم شور (نمکین) کا خون میں مل جانا ہے۔ اکثر طور پر یہ نمکین، میٹھی چیزوں اور گرم سبزیوں کے کھانے سے پیدا ہوتی ہے۔ اس کا علاج طب کی کتابوں میں مذکورہ ہے۔

بعض اوقات جوؤں کی کثرت کی بنا پر بھی ہو جاتی ہے۔ شارحین کہتے ہیں دونوں صحابیوں (حضرت زبیر اور حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما) کو جوؤں کی زیادتی کی وجہ سے خارش تھی۔ نبی ﷺ نے اس خارش کا علاج ریشمی کپڑے پہننے سے کیا۔ یہ بھی کہتے ہیں ریشم کے خواص میں سے دل کی تقویت اور فرحت دینا ہے۔ نیز سوداء اور اس سے پیدا ہونے والی بیماریوں کو دفع کرنا ہے اور یہ گرم تر ہے الخ

نظر میں مہیب تر[1] ہے اور امام اعظم امام ابو حنیفہ کے نزدیک اطلاقِ نہی کے سبب سے (ریشمی لباس جنگ میں بھی) مکروہ ہے اور ضرورت مخلوط (یعنی جو ریشم اور سوت سے مِلا کر بُنا ہوا ہو) سے مُندفع (یعنی دور) ہو سکتی ہے اور صاحبین کہتے ہیں کہ خالص ریشم دافع تر (یعنی زیادہ دفع کرنے والا) ہے (نہ کہ مخلوط)۔

معصفر اور مزعفر لباس:

اور مُعصَفَر اور مُزَعفَر (یعنی کسم اور زعفران سے رنگا ہوا) لباس خاص طور پر مَردوں کے لئے حرام ہے[2] اور مُعصفر (یعنی کسم میں رنگے ہوئے) لباس میں علمائے کرام کا اختلاف ہے ان میں سے بعض تو مطلقاً حرام کہتے ہیں اور بعض مباح اور کہتے ہیں کہ اگر بُننے کے بعد رنگا گیا ہو تو حرام ہے اور اگر رنگنے کے بعد بنا ہو تو مباح ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اگر اس کی بُو زائل ہوگئی ہو تو مباح ہے ورنہ حرام اور بعض کہتے ہیں مجالس و محافل میں اس کا پہننا مکروہ ہے اور اگر گھر میں پہنیں تو مختار ہیں اور (پہننا) درست ہے اور حنفی مذہب کے مطابق اس میں کراہتِ تحریمی ہے اور

[1] یعنی، دشمن کی نظر میں ایسے شخص کی ہیبت زیادہ ہوتی ہے۔

[2] حدیث شریف میں ہے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ پر عَصفُر سے رنگے دو (سرخ) کپڑے دیکھے تو فرمایا یہ کپڑے، کافروں کے کپڑوں کی جنس سے ہیں (یعنی ان کا پہننا کافروں کے لائق ہے) تم انہیں نہ پہنو اور ایک روایت میں ہے کہ میں نے عرض کیا انہیں دھو ڈالوں؟ فرمایا بلکہ انہیں جلا دو، اور شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں شارحین (حدیث شریف کی شرح کرنے والوں) نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے ان کپڑوں کو جو جلانے کا حکم دیا تو اس سے مراد شاید تاکید تھی کہ ان کپڑوں کو جیسے بھی ہو سکے تجارت یا ہبہ کے ذریعے اپنی ملکیت سے نکال دو، اور اپنے آپ سے جُدا کر دو، دھونے کا حکم اس لئے نہیں دیا کہ عصفر سے رنگا ہوا کپڑا اگرچہ مَردوں کے لئے حرام اور مکروہ ہے لیکن عورتوں کے لئے مکروہ نہیں ہے، لہٰذا کپڑوں کو دھو کر ان کا رنگ اتارنے میں مال کا ضائع کرنا ہے، اس لئے عورتوں کو دے دو یا بیچ دو یا کسی کو ہبہ کر دو تاکہ دوسری عورتیں ان سے نفع حاصل کریں ایک روایت میں آیا کہ حضرت عبداللہ بن عمرو نے ظاہر امر کے پیش نظر جا کر ان کپڑوں کو جلا دیا۔ دوسرے دن دربارِ رسالت میں حاضر ہوئے اور حقیقت حال بیان کی تو سرکارِ دو عالم ﷺ نے فرمایا: تم نے وہ کپڑے اپنے گھر والوں کو کیوں نہ پہنا دیئے؟ کیونکہ یہ کپڑے عورتوں کو پہننا جائز ہے، رواہ ابو داؤد (مشکوۃ المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی) اس روایت کے قرینہ کی بنا پر جلانے کو خلاف ظاہر پر محمول کیا ہے الخ (أشعة اللمعات شرح مشكوة، كتاب اللباس، الفصل الأول)

اسے پہن کر نماز پڑھنا مکروہ ہے[1]۔

سُرخ لباس:

اور سُرخ رنگ جو مُزعفر نہ ہو اس میں اختلاف ہے اور شیخ قاسم حنفی جو مصر کے اکابر علمائے متأخرین میں سے ہوئے ہیں (اور علامہ قسطلانی کے استاد ہیں) انہوں نے تحقیق فرمائی اور فتویٰ دیا کہ حرمت رنگ کی بنا پر ہے لہٰذا ہر سُرخ رنگ (مرد کے لئے) حرام ومکروہ ہوگا[2]۔

اور آنحضرت ﷺ نے گلیم (کمل چادر) زیبِ تن فرمایا ہے: وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعْرٍ أَسْوَدَ، یعنی، رسول اللہ ﷺ پر ریشم یا سیاہ بالوں کی یا کتان یا خزّ کی ایک چادر تھی، قاموس میں ہے مِرُحل بکسرِ میم وسکونِ را کے ساتھ اُون یا کتان کی چادر ہے اور ''نہایہ'' میں ہے مِرْطٌ اُون کی ہوتی ہے اور خزّ کی بھی، اور اس کے علاوہ کی بھی ہوتی ہے اس مقدمہ کی شرح وبسط ہم (یعنی شیخِ محقق شاہ عبدالحق محدّث دہلوی) نے ''مشکاۃ المصابیح'' کے ترجمہ (أشعة اللمعات) میں کی ہے وہاں ملاحظہ کیجئے۔

موزہ کا بیان:

موزے کا سیاہ رکھنا سنّت ہے اور زرد کی رخصت ہے اور سُرخ بدعت (یعنی غیر مسنون) ہے، حدیث شریف میں ہے: لِأَنَّ النَّجَاشِيَّ أَهْدىٰ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ خُفَّيْنِ أَسْوَدَيْنِ سَاذِجَيْنِ فَلَبِسَهُمَا ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَيْهِمَا، یعنی، کیونکہ (حبشہ کے بادشاہ) نجاشی نے نبی کریم ﷺ کو دو سادہ سیاہ موزے ہدیۃً بھیجے تو آپ ﷺ نے انہیں زیبِ قدم فرمایا اور ان پر مسح

---

[1] اسی طرح ''أشعة اللمعات'' شرح مشکوۃ (كتاب اللباس، الفصل الأول) میں بھی ہے۔

[2] اس موضوع پر علامہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی متوفی ۱۱۷۴ھ کی عربی میں ''القول الأنور في بيان حكم لبس الأحمر'' کے نام سے ایک مستقل تصنیف ہے جو ان شاء اللہ تعالیٰ بمع تحقیق وتخریج احادیث ادارہ ''دار إحياء العلوم''، کراچی کی نئی آنے والی اشاعتوں میں شامل ہے۔

فرمایا۔ موزہ پر مسح[1] سنّتِ رسول ﷺ سے ثابت ہے اور اسے وہی ترک[2] کرتا ہے جو گمراہ یا بدعتی ہوگا۔ اگر موزے طہارت کاملہ پر پہنے ہوں تو ان پر مسح کرنا جائز ہے یعنی معذور و متیمم (یعنی تیمم کئے ہوئے) نہ ہو کیونکہ ان کی طہارت ناقص ہے اور اگر کوئی مسلمان پہلے پاؤں دھو کر موزے پہن لے پھر حدث کے بعد پورا وضو کرے تو ہمارے امام کے نزدیک اُسے موزے پر مسح کرنا جائز ہے اور جوراب پہننا بھی جائز ہے کہ موزہ کے حکم میں ہے۔

نعل کا بیان:

اور نعل (جوتی، پاپوش) پہننا سنّت ہے: عَنْ قَتَادَةَ قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ: كَيْفَ كَانَ نَعْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ؟، قَالَ: كَانَ لَهُمَا قِبَالَانِ، (یعنی، حضرت قتادہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت انس ﷺ سے عرض کی کہ رسول اللہ ﷺ کے نعلین مبارک کیسے تھے؟ آپ نے فرمایا کہ حضور ﷺ کی نعلین میں دو قِبال[3] (یعنی دو تسمے یا فیتے) تھے۔ قِبال بمعنی دوالِ نعلین (چمڑے کا تسمہ) کے ہے، جو دو انگلیوں کے درمیان ہوتا ہے اسے شِراک بھی کہتے ہیں۔

---

[1] جس موزے پر مسح جائز ہے اس کی ''چند شرطیں ہیں۔ (۱) موزے ایسے ہوں کہ ٹخنے چھپ جائیں اس سے زیادہ ہونے کی ضرورت نہیں اور اگر وہ ایک انگل کم ہو جب بھی مسح درست ہے ایڑی نہ کھلی ہو۔ (۲) پاؤں سے چپٹا ہو کہ اسکو پہن کر آسانی کے ساتھ خوب چل سکیں (۳) چمڑے کا ہو یا صرف تلا چمڑے کا اور باقی کسی اور دبیز چیز کا جیسے کرمچ وغیرہ **مسئلہ** ہندوستان میں جو عموماً سوتی یا اونی موزے پہنے جاتے ہیں ان پر مسح جائز نہیں ان کو اتار کر پاؤں دھونا فرض ہے (۴) وضو کر کے پہنا ہو یعنی پہننے کے بعد اور حدث سے پہلے ایک ایسا وقت ہو کہ اس وقت میں وہ شخص باوضو ہو خواہ پورا وضو کر کے پہنے یا صرف پاؤں دھو کر پہنے بعد میں وضو پورا کرلیا''۔ (بہارِ شریعت، حصہ (۲)، موزوں پر مسح کے مسائل)۔

[2] موزے پر مسح کے جواز اور اس کے سنّت سے ثابت ہونے کا انکار کرنے والا گمراہ اور اہلسنّت سے خارج ہے

[3] قِبال: قاف کے نیچے زیر، وہ فیتہ جو دو انگلیوں کے درمیان ہوتا ہے نبی کریم ﷺ کے مبارک جوتے کے فیتے تھے ایک فیتہ انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان دوسرا چھنگلی کے ساتھ والی انگلی اور درمیانی انگلی کے درمیان رکھتے، علامہ جزری نے ''تصحیح المصابیح'' میں اسی طرح ذکر کیا ہے جسے سید جمال الدین محدّث نے ''روضۃ الاحباب'' میں نبی اکرم ﷺ کے نعل مبارک اور اس کی تصویر کے بیان میں تحقیق فرمائی ہے۔ (أشعة اللمعات، كتاب اللباس، الفصل الأول)

ننگے پاؤں چلنے کا بیان:

اعلانِ نبوّت سے قبل آنحضرت ﷺ ایامِ عُسرت (یعنی ظاہری تنگی کے دنوں) میں ننگے پاؤں چلا کرتے تھے اور ابتدائے اعلان نبوّت سے انتہائے مرضِ وصال با کمال تک برہنہ پا کبھی بھی نہ چلے سوائے صحنِ کعبہ اور اسی طرح جائے عبادت میں اور بعض اعزّہ صالحین جو کوچہ و بازار میں برہنہ پا چلتے ہیں خلافِ سنّت ہے[1] اور اگر صحرا (یعنی جنگل میں) ہو اور انکسارِ نفس اور تواضع کے لئے برہنہ پا چلے تو جائز ہے یا تنگی کے سبب سے اور افلاس کے باعث جوتے میسّر نہ ہوں (تب بھی جائز ہے)۔

کمر بند باندھنے کا بیان:

اور آنحضرت ﷺ کے اپنی مبارک کمر پر پٹکا باندھنے میں اختلاف ہے اور قمیص پر پٹکے کا باندھنا مکروہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے نہیں باندھا ہے اور جنگ و جہاد یا سفر میں کمر بند کا باندھنا ممنوع نہیں چاہے جامہ پر ہو یا پیراہن پر۔

نیا کپڑا کاٹنا اور نیا لباس پہننا:

اور "الروضة" میں ہے کہ جب نیا کپڑا کاٹے یا پہنے تو (یہ کام) مبارک ایام میں کرے چنانچہ منقول ہے: "مَنْ قَطَعَ الثَّوْبَ فِيْ يَوْمِ الْأَحَدِ، أَصَابَهُ الْغَمُّ وَلَمْ يَكُنْ مُبَارَكاً، وَمَنْ قَطَعَ فِيْ يَوْمِ الْإِثْنَيْنِ كَانَ مُبَارَكاً، وَمَنْ قَطَعَ فِي يَوْمِ الثُّلُثَاءِ سَرِقَهُ السَّارِقُ، أَوْ أَغْرَقَهُ الْمَاءُ أَوْ أَحْرَقَهُ النَّارُ وَمَنْ قَطَعَ فِيْ يَوْمِ الْأَرْبَعَاءِ وَسَّعَهُ اللّٰهُ فِي الرِّزْقِ، وَلَمْ يَبْعَثْ مُشَقَّةً إِلَيْهِ، وَيَكُوْنُ لَهُ السَّفِيْنَةُ، وَمَنْ قَطَعَ فِيْ يَوْمِ الْخَمِيْسِ يَرْزُقُهُ اللّٰهُ الْعِلْمَ وَوَسَّعَ رِزْقَهُ وَيُكَرِّمُهُ عِنْدَ النَّاسِ، وَمَنْ قَطَعَ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ يَطُوْلُ الْعُمْرُ وَيَزِيْدُ دَوْلَتُهُ، وَمَنْ

---

[1] مقدس سرزمین مثلاً مکّہ مکرّمہ و مدینہ طیبہ میں ادب کے طور پر برہنہ پا چلنا اس حکم میں شامل نہیں۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام طور سینا کی مقدس وادی میں اپنے رب سے ہم کلامی کا شرف حاصل کرتے ہیں تو خود رب تعالیٰ انہیں جوتے اُتارنے کا حکم فرماتا ہے: ﴿فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى﴾ پارہ:۱۶، رکوع ۱۵، ترجمہ: تو اپنے جوتے اتار ڈال، بے شک تو پاک جنگل طویٰ میں ہے (کنز الایمان) حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ مدینہ پاک ہی میں سکونت پذیر تھے مگر زندگی بھر آپ نے یہاں جوتے نہیں پہنے (عام کتبِ سیرت)۔ اعلیٰحضرت امام اہلسنّت نے "انوار البشارہ" میں تحریر فرمایا کہ "جب حرمِ مدینہ نظر آئے تو بہتر ہے کہ پیادہ ہو لو۔ اور ہو سکے تو ننگے پاؤں چلو بلکہ ۔

جائے سراست اینکہ تو پامی نہی   پائے نہ بینی کہ کجا می نہی

حرم کی زمیں اور قدم رکھ کے چلنا   ارے سر کا موقع ہے او جانے والے"

قَطَعَ فِی یَومِ السَّبتِ یَکُونُ مَرِیضاً مَادَامَ الثَّوبُ فِی بَدَنِہٖ"، (یعنی، جو شخص اتوار کے دن کپڑا کاٹے اُسے غم پہنچے گا اور وہ کپڑا (اسکے لئے) مبارک نہ ہوگا، اور جو پیر کے روز کاٹے تو (اسکے لئے) مبارک ہوگا، اور جو منگل کے دن کاٹے تو (اسے) چور چُرالے گا، یا وہ (کپڑا) پانی میں ڈوبے گا یا اُسے آگ جلادے گی، اور جو بروز بدھ کاٹے تو اللہ تعالیٰ اس کا رزق کشادہ فرمائے گا اور اس کی طرف مشقت نہیں بھیجے گا اس کے لئے سفینہ ہوگا، اور جو جمعرات کو کاٹے تو اللہ تعالیٰ اُسے علم عطا فرمائے گا اور اس کے رزق کو کشادہ فرمادے گا اور اُسے لوگوں میں مکرّم بنادے گا، اور جو جمعہ کے دن کاٹے تو اس کی عمر لمبی ہوگی اور دولت زیادہ ہوگی، اور جو ہفتہ کے روز کاٹے تو جب تک کپڑا اس کے بدن پر رہے گا وہ مریض رہے گا)[1]۔

اور "زاد المتورّعین" میں مذکور ہے یہ قول حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے اقوال میں سے ہے اور حدیث سے ثابت نہیں مگر حدیث شریف میں اسی قدر ہے کہ نیا لباس شبِ جمعہ یا بروزِ جمعہ بنیتِ نمازِ جمعہ پہنے اور عیدین میں نیا لباس پہنے اگر میسّر ہو سکے، کہ اس میں برکت ہے، اور سنّت ہے کہ جو بھی نیا لباس پہنے اُسے مبارک باد دینا چاہیے کہ اس لباس میں اس کے لئے اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کے لطف و کرم سے برکت اور خوشی ہے، اور "الروضۃ" میں ہے جب کوئی شخص نیا لباس پہنے تو دس بار سورت ﴿إِنَّا أَنزَلْنَاهُ﴾ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس پانی کے چھینٹے لباس پر مارے کہ برکت ہوگی اور لباس بنیّت نماز پہنے، اور نیا لباس پہننے کے بعد شکرانے کے دو رکعت (نفل) پڑھے اور اسکے بعد یہ دعا مانگے: بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ، اَلحَمدُ لِلّٰہِ الَّذِی کَسَانِی مَا أُوَارِی بِہٖ عَورَتِی وَأَتَجَمَّلُ بِہٖ فِی حَیَاتِی، (یعنی، اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے، جس نے مجھے وہ پہنایا جس سے میں نے اپنی شرمگاہ کو ڈھکا اور میں نے اس کے ساتھ اپنی زندگی میں زینت حاصل کی)، وَالحَمدُ لِلّٰہِ الَّذِی کَسَانِی ھٰذَا الثَّوبَ وَرَزَقَنِیہِ مِن غَیرِ حَولٍ مِّنِّی وَلَا قُوَّۃٍ، (یعنی، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے جس نے مجھے میری طاقت و قوت کے بغیر یہ کپڑا پہنایا)، وَالحَمدُ لِلّٰہِ الَّذِی بِنِعمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ وَبِرَحمَتِہٖ تَصلَحُ الفَاسِدَاتُ وَتَنزِلُ البَرَکَاتُ، (یعنی، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے جس کی نعمت سے اچھے اعمال پورے ہوتے ہیں اور جس کی رحمت سے خرابیاں زائل ہوتی ہیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں)۔ اَلحَمدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ اَللّٰھُمَّ اجعَلہُ ثَوباً مُبَارَکاً

[1] پس ہفتہ، اتوار اور منگل کو احتراز کرنا چاہئے۔

أَشْكُرُ فِيهِ نِعْمَتَكَ وَأَحْسَنُ فِيهِ عِبَادَتَكَ، وَأَعْمَلُ فِيهِ بِطَاعَتِكَ وَأَسْتَعِينُ بِاللّٰهِ أَلْتَجِئُ إِلَى اللّٰهِ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنِ اسْتِيلَاءِ النَّفْسِ بِقَلِيلٍ وَكَثِيرٍ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَطْلُبُ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ وَالنُّقَى فِي الدِّينِ وَالدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ الْهُدَى وَالتُّقَى وَالْعِفَّةَ وَالْغِنَى وَالتَّوْفِيقَ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضَى، (یعنی، ہر حال میں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، اے اللہ اسے ایسا مبارک کپڑا بنادے جسے پہن کر میں تیرا شکر ادا کروں اور بہتر طور پر تیری عبادت کروں اور تیری فرمانبرداری کے کام کروں اور میں اللہ سے مدد چاہتا ہوں اور اللہ کی بارگاہ میں التجاء کرتا ہوں اللہ سے نفس کے کم وبیش غلبے سے پناہ مانگتے ہوئے۔ اے اللہ میں تجھ سے دین ودنیا وآخرت میں گناہوں کی معافی اور کامل صحت اور ہر برائی سے بقاء اور ستھرائی طلب کرتا ہوں اے اللہ میں تجھ سے ایسی ہدایت، تقویٰ، پاکدامنی، ظاہری، باطنی غِناء اور توفیق کا سوال کرتا ہوں جیسا کہ تجھے پسند ہے اور جس سے تو راضی ہوتا ہے)۔

(جو شخص ایسا کرے) تو یہ لباس ابھی اس کی گردن پر نہ پہنچے گا کہ اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے اور سنّت ہے کہ جب لباس اُتارے تو اسے لپیٹے اور تہ کرے اور حفاظت سے رکھے ورنہ شیطان اسے پہن لیتا ہے اور موزہ کو بھی حفاظت سے رکھے، اور نیا لباس پہنتے وقت تعوّذ ﴿أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ﴾ اور تسمیہ ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ﴾ پڑھے اور اگر نیا لباس یا نیا عمامہ یا نئی چادر یا نئے موزے پہنتے وقت سورۂ فاتحہ (﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ﴾ سے آخر تک) پڑھے تو پہننے والے کے بدن میں سرور پیدا ہو اور صحت وعافیت سے رہے اور مرض دور ہو اگر مقروض ہو تو اس سے خلاصی ہو، اور جلد تر دوسرا لباس میسّر ہو اور چاہئے کہ پُرانا لباس کسی فقیر ومسکین کو دے دے اور اگر اہل وعیال مستحق ہوں تو ان کو دے دے کہ اس میں اجر بے حساب اور ثواب بے شمار ہے۔

اللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُولِهِ مُحَمَّدٍ
وَّآلِهِ وَصَحْبِهِ أَجْمَعِينَ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ مَا لَا نَعْلَمُ

تمّت بحمد اللّٰه تعالیٰ ترجمة "كشف الالتباس فی استحباب اللباس"

بعد از ظہر ۵۸:۲، ۳۰ ربیع الآخر ۱۴۲۴ھ، یکم جولائی ۲۰۰۳ء محمد عطاء اللہ النعیمی عفی عنہ

كَشفُ الاِلتِبَاسِ فِى اِستِحبَابِ اللِّبَاسِ

لِلشَّيخِ الُمحَقِّقِ الشَّاه عَبدِ الحَقّ بنِ سَيف الدِّين المُحَدِّث
الدَّهلَوِیّ البُخَارِیّ الحَنفِیّ
(المتوفی ۱۰۵۲ھ)

فہرست

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
۱	ذکر آدابِ لباس	۳۶
۲	ذکرِ عمامہ	۳۸
۳	ذکرِ شملہ	۳۹
۴	تخصیص ارسالِ شملہ	۳۹
۵	ذکرِ کلاہ	۴۰
۶	طریق عمامہ بستن	۴۰
۷	ذکرِ قمیص	۴۰
۸	ذکرِ پوستن	۴۱
۹	ذکرِ جیب	۴۲
۱۰	ذکرِ رداء وچادر	۴۳
۱۱	ذکرِ قبا	۴۴
۱۲	ذکر جیبِ قمیص	۴۴
۱۳	ذکرِ خرقہ وفرجی	۴۵
۱۴	ذکرِ ازار	۴۵
۱۵	ذکرِ آستین	۴۸
۱۶	حکم لباسِ معصفر ومزعفر	۵۱
۱۷	حکم جامۂ سُرخ غیراز معصفر	۵۱
۱۸	ذکرِ موزہ	۵۲
۱۹	ذکرِ نعل	۵۳
۲۰	ذکرِ فوطہ بستن	۵۴
۲۱	جامۂ نوقطع کردن	۵۴
۲۲	مآخذ تخریج الأحادیث ومراجعہ	۵۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد وستائش الٰہی و پس از نعت وتحیت رسالت پناہی نمودہ می آید کہ ایں رسالہ ایست مختصر در بیان آداب لباس حضرت سیّد البشر صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وتابعیہ وتبع تابعیہ الی یوم الحشر والنشر ۔ غرض اصلی ومقصد کلی آنست کہ بہرۂ تام وفیضِ عام ازیں دستور فائض النور بمسلمین ومؤمنین رسد ولباسے کہ قطع کردن وپوشیدن آں بدعت ست وطریق بدمذہباں وگمراہان ست ازو باز مانند واجتناب نمایند وحظی نصیبی بمتابعت سنت سنیہ برگزیند وثوابِ جمیل واجرِ جزیل فائز گردندو تیمن وبرکت ازاں حاصل کنند بدعاے خیر فقیر حقیر عبدالحق بن سیف الدین دہلوی البخاری رایاد آرندو بفاتحۂ فائحہ[1] مستطاب[2] گردانند و باللّٰہ التوفیق.

ذکر آدابِ لباس:

بدانکہ لباس مصدرست بمعنی ملبوس چنانچہ کتاب بمعنی مکتوب واسم لباس شامل ست بدستار وپیراہن وجُبّہ وکلاہ ورداء وازار وغیرہ وآنچہ در پوشش بیاید پس بر مومناں مخفی نماند کہ لباس آنحضرت سید الانبیاء سند الاصفیاء ﷺ اکثر از پارچۂ سفید بود ولباس سفید را بسیار دوست مید اشتند چنانچہ در خبر است قَالَ النَّبِیُّ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ: "عَلَیْکُم بِالْبَیَاضِ مِنَ الثِّیَابِ

---

[1] قولہ: فائحہ، بکسر ہمزہ کہ حرفِ سوم ست وحای مہملہ بوی خوش دہندہ وبوی خوش ماخوذ از فوح کہ بمعنی دمیدن وبوی خوش آمدہ از منتخب ومنقول از زبدۃ الفوائد (غیاث اللغات)۔

[2] قولہ: مستطاب، بالضم خوش آمدہ وپاک آمدہ لذیذ اسم مفعول از استطاب ست ماخذ این طیب است از منتخب وکشف الطائف (غیاث اللغات)۔

لِيَلْبَسهَا أَحْيَائُكُمْ وَكَفِّنُوا فِيْهَا أَمْوَاتَكُمْ فَإِنَّهَا مِنْ خِيَارِ ثِيَابِكُمْ"[1]، وَقَالَ النَّبِيُّ عَلَيْهِ أَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ: "اِلْبَسُوْا الْبَيَاضَ فَإِنَّهَا أَطْهَرُ وَأَطْيَبُ وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ"[2]، وفى "بستان" فقيه أبى الليث: يستحب البيض والخضر من الثياب وفى "الشِرعة": أحب الألوان البياض والنظر إلى الخضر يزيد فى البصر وقد لبس رسول الله ﷺ البرد الأخضر ولبس الأخضر سنّة ويجتنب الرجال الحمرة والصفرة من الثياب وفى

(۱) أخرجه البيهقى فى سننه الكبرىٰ برقم: ٦٦٩١، فى كتاب الجنائز، باب (٥٠) استحباب البياض فى الكفن، و النسائى فى سننه الكبرى، برقم: ٩٦٤٤، وفى سننه المجتبىٰ برقم: ٥٣٣٧، فى كتاب (٤٨) الزينة، باب (٩٩) الأمر بلبس البيض من الثياب، وعمر بن الضحاك الشيبانى فى الآحاد والمثانى برقم: ١٣١٤، فى سمرة بن جندب، و الطبرانى فى الكبير، برقم: ٦٩٧٦، والزهرى فى الطبقات الكبرىٰ فى ذكر لباس رسول الله ﷺ وما روى فى البياض، و الترمذى فى سننه برقم: ٩٩٤، فى كتاب (٨) الجنائز، باب (١٨) ما يستحب من الأكفان، وفى الشمائل برقم: ٦٨، فى باب (٨) ما جاء فى لباس رسول الله ﷺ، والبغوى فى شرح السنة (٣١٤/٥)، وابن ماجة فى سننه برقم: ١٤٧٢، فى كتاب (٦) الجنائز، باب (١٢) ما جاء فيما يستحب من الكفن، وأبو داود فى سننه برقم: ٤٠٦١، فى كتاب (٢٦) اللباس، باب (١٦) فى البياض۔

قال السندى: قوله: (فإنها أطهر وأطيب) لأنه يلوح فيها أدنى وسخ فيزال بخلاف سائر الألوان والله تعالىٰ أعلم (حاشية السندى على سنن النسائى).

(۲) أخرجه الترمذى فى سننه، برقم: ٢٨١٠، فى كتاب (٤٤) الأدب، باب (٤٦) ما جاء فى لبس البياض، وفى الشمائل برقم: ٦٩ فى باب (٨) ما جاء فى لباس رسول الله ﷺ، والطبرانى فى الكبير، برقم: ٥٦٠، والعسقلانى فى تلخيص الجبير برقم: ٦٦١، والأنصارى فى خلاصة البدر المنير برقم: ٧٧١، والأصبهانى فى حلية الأولياء (٣٧٨/٤)، والنسائى فى سننه الكبرىٰ برقم: ٥٣٢٢، فى كتاب الزينة: باب الأمر بلبس الثياب البيض، و ابن ماجة فى سننه برقم: ٣٥٦٧، فى كتاب (٣٢) اللباس: باب (٦) البياض من الثياب، و أبو داود فى سننه برقم: ٤٠٦١، فى كتاب (٢٦) اللباس، باب (١٦) فى البياض، و أحمد فى مسنده برقم: ٢٢١٩، ٣٤٢٦، ٢٠٣٦٥، ٢٠٤١٦، ٢٠٤٤٧، ٢٠٤٦٣، ٢٠٤٨١، والحاكم فى المستدرك (٣٥٤/١)، فى كتاب الجنائز، والبغوى فى شرح السنة برقم: ٣٠٨٧، (١٨/١٢)، والبيهقى فى سننه الكبرىٰ، برقم: ٦٦٩٠، فى كتاب الجنائز، باب (٥٠) استحباب البياض فى الكفن، وفى الآداب برقم: ٧٤٨، والطيالسى فى مسنده برقم: ٨٩٤.

"الملتقط" ولبس السواد ليس بسنة ولا فيه فضل بل كراهة لأنه بدعة محدثة بعد رسول الله ﷺ وفى "روضة العلماء": أن أبا حنيفة رضي الله عنه قال: لبس السواد لا يجوز لأنهم كانوا لا يلبسون ذلك فى زمانه ويعدّونه عيباً، وقال أبو يوسف ومحمد رحمهما الله تعالىٰ: يجوز لأن فى زمانهما كانوا يلبسون ويفتخرون به، وفى "الكنز" وندب لبس السواد.

ذکرِ عمامہ:

وفی "الشِرعۃ": وقد لبس النبی ﷺ عمامة سوداء ويرسل ذنبه بين كتفيه پس در بستن دستار سنت آنست کہ سفید باشد بے آمیزش رنگ دیگر و دستار مبارک آنحضرت ﷺ در اکثر اوقات سفید بود وگاہے سیاہ و احیاناً سبز، فاما بعضے گفتہ اند کہ در وقت جنگ و غزا بر سر مبارک آنحضرت ﷺ دستار سیاہ بود بعضے گفتہ اند کہ از سبب مِغفَر یعنی خود رنگ دستار مبارک سیاہ و تیرہ شدہ بود و الّا آں دستار سفید[1] بود فاما مقرر آنست کہ گاہ گاہ دستار سیاہ رنگ آنحضرت ﷺ بستہ اند و دستار خانگی رسول اللہ ﷺ ہفت گز یا ہشت گز گفتہ اند و وقت نماز پنجگانہ دوازدہ گز روز عید و جمعہ چہاردہ گز و وقت جنگ و حرب پانزدہ گز و علماء متاخرین تجویز کردہ اند کہ سلطان و قاضی و مفتی و فقیہ و مشائخ و غازی تا سی و یک (۳۱) گز بر سر بندند جائز ست برائے وقار و تمکین و شہامت و در دستار بستن سنت آنست کہ دستار دراز باشد نہ عریض و عرض دستار نیم گز باشد یا کسرے کم یا کسرے زیادہ دریں قصور فتور نیست و اقل درازی آں ہفت گز باشد بگز ے کہ بست و چہار انگشت است کہ شش قبضہ باشد و سنت آنست کہ دستار با طہارت بندد و روے بجانب قبلہ کند و استادہ بندد و ہر گاہ کہ کشاید گور گور[2] و عقد عقد کشاید و یکدفعہ نکشاید چنانچہ پیچ بر پیچ دادہ است باز بہماں طریق کشاید و بعد از بستن در آئینہ یا آب یا مانند آں دیدہ راست کند و باقش بندد یعنی با شملہ۔

---

[1] نزد ما ایں قول درست نیست چرا کہ خلافِ ادب ست۔ واللہ تعالیٰ أعلم

[2] قولہ: گور گور: بالفتح پیچ دستار و بستن آں (منتخب اللغات)۔

ذکرِ شملہ:

ودر شملہ اختلاف ست اکثر اوقات پس پشت آنحضرت ﷺ بودے واحیاناً بر جانب دست راست و بر دست چپ بدعت ست واقل مقدار شملہ چہار انگشت ست و اکثر یکدست و تطویل آں متجاوز از ظہر بدعت ست و تخصیص ارسال شملہ بوقت نماز نیز موافق سنت نیست و ارسال شملہ مستحب ست واز سنن زوائد ودر ترک آں اثمی نیست اگرچہ در فعل آں ثواب وفضیلتے بسیار باشد وفی "الروضة" إرسال ذنب العمامة بين الكتفين مندوب وفروگذاشتن شملہ پس پشت مستحب ست وسنت مؤکدہ نیست ورسول اللہ ﷺ گاہے شملۂ عمامہ مے گذاشت وگاہے نہ۔ وفقہارا بر ارسال شملہ براہیں قیاسی بسیار ست وارسال شملہ سنّت مؤکدہ دانند وبعضے جانب چپ نگاہدارند وسند ایں قوی ومعتبر نیست اگرچہ بعضے دلیلہا دریں باب نوشتہ اند وعلمائے متاخرین سوائے صلوات پنجگانہ شملہ را ارسال ندارند از برائے طعن وتمسخرِ جہّالِ زمانہ ودر "فتاوی حجت" و "جامع" آوردہ ست کہ ترك الذنب ذنب وركعتان مع الذنب أفضل من سبعين ركعة بغير ذنب والذنب ستة أنواع للقاضي خمس وثلثون أصبعاً وللخطيب إحدى وعشرون أصبعاً وللعالم سبعا وعشرين أصبعاً وللمتّعلم سبع عشر أصبعاً وللصوفي سبع أصابع و للعامي أربع أصابع ودستار رانشستہ نہ بندد و ازار را استادہ نپوشد چنانچہ در خبرست قالَ ﷺ: "مَنْ تَعَمَّمَ قَاعِداً أَوْ تَسَرْوَلَ قَائِماً ابْتَلَاهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ بِبَلَاءٍ لَا دَوَاءَ لَهُ" واگر معذور باشد جائز ست ودر بعضی کتب معتبرہ نوشتہ اند کہ شخصے خود را اکثر اوقات بلباس سیاہ و سبز مشہور نگرداند کہ مکروہ وممنوع ست چنانکہ گفت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہ گفت رسولِ خدا ﷺ: "مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ فِي الدُّنْيَا أَلْبَسَهُ اللّٰهُ ثَوْبَ مُذَلَّةٍ يَوْمَ الْقِيمَةِ"[1]. واحیاناً اگر باشد منع نیست وبہترین لباس سفید ست وبدستار سیاہ یا سبز وپائجامہ وپیراہن وردائے سیاہ وسبز بخانۂ ملوک و اغنیا نرود کہ ممنوع ست۔

(۱) أخرجه أبو داود في سننه برقم: ۴۰۲۹، في كتاب (۲۶) اللباس، باب (۵) في لبس =

فائدہ ذکر کلاہ

ذکر کلاہ:

وکلاہ بر دو نوع ست یکے لاطیہ دوم ناشرہ۔ لاطیہ آنرا گوئیند کہ بر سر متصل باشد و آنحضرت ﷺ آنرا بر سر نہادہ اند و ناشرہ آنست کہ متصل بسر نباشد بلکہ افراشتہ باشد و آں طاقیہ سیاہ است و رسول خدا ﷺ کمتر بر سر نہادہ[1] اند و بعضے مشائخ بر سر نہند جائز ست و کلاہ آنحضرت ﷺ لاطیہ بود بزیر عمامہ بستی وگاہ عمامہ بے لاطیہ بستی۔

فائدہ طریق عمامہ بستن

طریق عمامہ بستن:

وطریق عمامہ بستن آنحضرت ﷺ گرد بود گنبد نما چنانچہ علماء وشرفاء عرب بآں دستور می بندند۔

فائدہ ذکر قمیص

ذکرِ قمیص:

وآنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام اکثر قمیص مے پوشیدند وگاہے حُلّہ حمراء می پوشیدند وحلہ عبارتست از دو جامہ یعنی دو توی وحمراء آں خطوط سرخ کہ دراں بود ومراد بحمراء آں نیست کہ خالص

= الشُهرَة، والنسائي في سننه الكبرى برقم: ٩٥٦٠، فى كتاب الزينة، ذكر ما يستحب من الثياب وما يكره، وابن ماجة في سننه برقم: ٣٦٠٦، فى كتاب (٣٢) اللباس، باب (٢٤) من لبس شهرةً من الثياب، ومعمر بن راشد الأزدى فى جامعه، برقم: ١٩٩٧٩، فى باب شهرة الثياب، وأحمد فى مسنده برقم: ٥٦٦٤، ٦٢٤٥، وأبو يعلى فى مسنده برقم: ٥٦٩٨، وابن الجعد البغدادى فى مسنده برقم: ٢١٤٣، فى عثمان بن أبى ذرعة، والمنذرى فى الترغيب والترهيب برقم: ٣١٧٧، وعبد الكريم بن محمد الرافعى القزوينى، فى التدوين فى أخبار قزوين (٨٢/٤)، فى الاسم العاشر.

قال السندى: "ثوب شهرة": أى ثوب يقصد به الاشتهار بين الناس. سواء كان الثوب نفيساً يلبسه تفاخراً بالدنيا وزينتها، أو خسيساً يلبسه إظهاراً للزهد والرياء. "ثوب مذلة": من إضافة السبب إلى المسبب، أو بيانية تشبيهاً للمذلة بالثوب فى الاشتمال.

[1] عن ابن عباس قال: كان لرسول الله ﷺ ثلاث قلانس، قلنسوة بيضاء مضربة، وقلنسوة برد حبرة، وقلنسوة ذات آذان يلبسهما فى السفر، وعن عبد الله بن بسر، قال: رأيت رسول الله ﷺ وله قلنسوة طويلة وقلنسوة لها آذان، وقلنسوة لاطية (أى لاصفة بالرأس) رواه أبو الشيخ الأصبهانى فى "أخلاق النبى ﷺ" (ذكر قلنسوته ﷺ)

بود چہ سرخ خالص منہی عنہ است[1] بسوختن فرمودہ اندوفرمودہ کہ: "إِنَّ هٰذَا لِبَاسُ الْكُفَّارِ"[(1)]
وابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمودہ اند کہ پیغمبر خدا ﷺ را دیدم کہ بہترین حلہا پوشیدہ وفرمودہ کہ اگر جامۂ متجمل وزیبا پوشد برائے اظہار نعمت حق مثاب ست واگر برائے عز وافتخار پوشد معاقب گردد وفی "الخلاصة": لا بأس بلبس الثياب الجميلة إذا كان لا يتكبر وفي "مجمع النوازل": خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ وَعَلَيْهِ رِدَاءٌ قِيْمَتُهُ أَلْفُ دِرْهَمٍ وَزْنًا، وَقَامَ إِلَى الصَّلٰوةِ وَعَلَيْهِ رِدَاءٌ قِيْمَتُهُ أَرْبَعْمِائَةِ أَلْفِ دِرْهَمٍ. وأبو حنيفة كان يرتدی برداء قيمته أربعمائة دينار[2] وكان يقول لتلامذه: إذا رجعتم إلى أوطانكم فعليكم بالثياب النفيسة.

وآنحضرت ﷺ جامۂ مُعلَم[3] پوشیدہ اند ونیز جامۂ سیاہ پوشیدہ وپوستین کہ اطراف آں بسندس دوختہ بودند پوشیدہ وفی "القنية": لفّ العمامة الطويلة ولبس الثياب الواسعة حسن في حق العلماء الذين هم أعلام الهدى دون النساء فاما اصل در پوشیدن جامہ آنست کہ از وجہ حلال باشد ودر جامہ وجہ حرام نماز فریضہ ونفل قبول نیست وافضل در جامہ يلبس ثوبا

---

[1] درحدیث آمدہ است مَرَّ رَجُلٌ وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ. رواه الترمذی فی سننه، برقم: ٢٨٠٧، فی كتاب (٤٤) الأدب، باب (٤٥) ما جاء فی كراهية لبس المعصفر الخ، وأبو داود فی سننه، برقم: ٤٠٦٩، فی كتاب (٢٦) اللباس، باب (٢٠) فی الحمرة. والتبريزی فی مشكاة المصابيح، برقم: ٤٣٥٣-(٥٠) فی كتاب اللباس، الفصل الثانی.

[2] وفی "البزازية" خرج عليه الصلاة والسلام وعليه رداء قيمة أربعة آلاف درهم وكان الإمام رحمه الله يرتدی برداء قيمته أربعمائة دينار وكان يقول لتلاميذه إذا رجعتم إلى بلادكم فعليكم بالثياب النفيسة (كتاب الكراهية، الفصل السابع فی اللبس) وفی "البحر" عن "الذخيرة" سئل عن الزينة فقال ورد عنه عليه الصلاة والسلام أنه خرج وعليه رداء قيمتها أربعة آلاف ورهم، فقال: إذا أنعم الله على العبد بنعمة يجب أن يظهر أثرها عليه (كتاب الكراهية، فصل فی اللبس)

[3] قولہ: مُعلَم بمعنی منقش

---

(١) أخرجه الطحاوی فی شرح معانی الآثار برقم: ٦٥٤٩، فی كتاب (٢٦) الكراهية، باب (٥) لبس الحرير، والزرعی فی حاشية ابن قيم (٧٩/١١).

وسطا لا جيّداً غاية ولا رديّاً غاية وجامه که در خلق متعارف ومشهورست بیش از دو مرتبه آنحضرت ﷺ نپوشیده اند یکمرتبه نجاشی یعنی بادشاه حبشه بطریق ہدیہ بجناب آنحضرت ﷺ مرسل داشته بود آنرا پوشیده بجعفر طیار (رضی اللہ عنہ) بخشید ند و مرتبہ ثانی از تحف وہدایائے یمن آمده بود آنرا پوشیده بدحیه الکلبی (رضی اللہ عنہ) بخشید ند۔

ذکرِ جیب:

وجیب یعنی گریبان آں جامه از جانب بغل چپ دوخته بود وعلاقۂ بستن آں ببغل راست بود چنانچه دریں زمانه معمول ست ومعروف ومشهور ودر ''روضة المعانی'' و''زاد الفقهاء'' که تصنیف صاحب ''صحیح بخاری'' وامام نووی ست نیز بهمیں دستورست که روئے گریباں جامه بطرف دست راست بود ودر ''روضه'' است که در زمان سابق چوں غازیاں بحرب کافراں میرفتند و فرصت ہروقت از دست غنیم نمی یافتند خبز وتمر وغیره ماکولات را در جیب وگریباں نگاهداشته در راه میرفتند ولجام اسپ را بدست چپ گرفته لقمه لقمه ویکاں یکاں خرما از دست راست برآورده میخوردند و در زمان عمر بن عبد العزیز وابن عباس رضی اللہ عنهما همیں دستور گریبانِ جامه بود وآنها که بدعت جدیده میگویند از راه نافهمیدگی ست ودر بخارا ارباب علم وفضل اجزائے کتب ونسخ بجیب وگریباں نگاهداشته ودرراه از جیب وبغل برآورده مطالعه کرده براه میرفتند ودر مجالس بادشاهاں وعلمائے دین و صلحائے اہل صدق ویقین بعد از فراغ از اکل طعام تیمناً وتبرّ کاناں را در گریبان وبغل نگاه میداشتند تا که ہر خاص وعام که بخانۂ خود ہارو واہل بیت خود را به تبرک فائز گردانند وروما ل ونقد را در جیب و گریباں نگاه می دارند واین همه استعمال دست راست بروئے گریباں دست راست میشود واگر روئے گریبان جامه بدست چپ می شد استعمال دست راست میرفت وبدست چپ حرج بسیار میشد ومنهی اسلام ست بدست چپ روئے گریباں کردن که طریقۂ مجوس وآتش پرستان ست و بادشاه اسلام وقاضی را باید که ازیں طریقه که روئے گریباں جامه بجانب چپ باشد منع فرماید وزجر کند در زمان عمر بن عبد العزیز شخصے برائے گواہی دادن در محکمه آمده بود وروئے گریبان وعلاقۂ بستن

او بجانب چپ بود قاضی رد شہادت او فرمود و در مکتوب نود و یکم شیخ شرف الدین یحییٰ منیری کہ عمدۂ علماء و شیخ وقت خود بود او نیز چنیں نوشتہ کہ جیب در جامہ دوختن سنت ست از جانب راست برائے آنکہ تا دست راست آسان در وے فرو تواں کرد و در قرآن مجید در حق حضرت موسیٰ علیہ السلام آمدہ: ﴿وَأَدْخِلْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ﴾ الآیة [النمل: ۱۲/۲۷] و ہر جامہ کہ اہل اسلام دوزند یا جیب دوزند کہ در وے فوائد بسیار ست تا بوقت حاجت شانہ و چیز ہائے دیگر در وے نہند و بدست راست برآرند و در عرب استعمال قصب الجیب ست ایں نیز عمل بر دست راست ست۔ و در جامہ و پیراہن و جبہ پوشیدن سنّت آنست کہ اوّل دست راست بآستین راست آورد باز دست چپ بآستین چپ کند و بس۔

ذکر رداء و چادر:

رداء و چادر از دست راست بدوش چپ انداز د چنانچہ معمول ست و لفافۂ مردہ را ہمیں دستور کند چرا کہ لفافۂ مردہ حکم چادر و ردائے زندہ دارد و ایں دستور در اکثر کتب فقہ مسطور ست و آنہا کہ جامہ را بقیاس پوشیدن رداء و چادر حمل می کنند خلاف شرع ست و بدعت را رواج مید ہند باید کہ ازیں طریقہ اجتناب کنند تا مثاب شوند و معاقب نگردند و در پیراہن و جبہ و خرقہ آستین فراخ کردن سنت صحابہ و مشائخ ما تقدم ست تا وقت وضو کردن و کارے کردن آسان باز تواں پیچید و اگر خواہند مُسبّحہ یا چیزے دیگر ہم در آستین تواں نہاد و فراویز[1] بر سر آستین و پا یدامن جامہ دوختن سنّت ست و صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم کہ پیراہن و جبہ را فراخ و کشادہ کردہ انداز برائے آنکہ وجود شریف آنہا در ریاضت و مشققت قیام و صیام خیلے لاغر و ضعیف شدہ باشد برائے ہیبت و شہامت می پوشیدند تا در چشم دشمناں و کافراں حقیر ننمائند و ہر چہ ایشاں کردہ انداز راہ نفس نکردہ اند بلکہ برائے ترویج و استقامت دین بود۔

---

[1] قولہ: فراویز: بفتح و یائے معروف سنجاف دامن جامہ از برہان (غیاث اللغات)

ذکرِ قبا:

